# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 6 مئی 2003ء بمطابق 3 ربیع الاوّل 1424 ہجری صبح دس بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

لَّیۡسَ الۡبِرَّ أَن تُوَلُّواْ وُجُوهَكُمۡ قِبَلَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ وَلَٰكِنَّ الۡبِرَّ مَنۡ ءَامَنَ بِاللَّهِ وَالۡيَوۡمِ الۡأَخِرِ وَالۡمَلَٰٓئِكَةِ وَالۡكِتَٰبِ وَالنَّبِيِّـۧنَ وَءَاتَى الۡمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِۦ ذَوِي الۡقُرۡبَىٰ وَالۡيَتَٰمَىٰ وَالۡمَسَٰكِينَ وَابۡنَ السَّبِيلِ وَالسَّآئِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلَوٰةَ وَءَاتَى الزَّكَوٰةَ وَالۡمُوفُونَ بِعَهۡدِهِمۡ إِذَا عَٰهَدُواْ ۖ وَالصَّٰبِرِينَ فِي الۡبَأۡسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِينَ الۡبَأۡسِ ۗ أُوْلَٰٓئِكَ الَّذِينَ صَدَقُواْ ۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ الۡمُتَّقُونَ۔

(ترجمہ): نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق یا مغرب کو (قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کر لو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ خدا پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور (خدا کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں۔ اور جب عہد کر لیں تو اس کو پورا کریں۔ اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (خدا سے) ڈرنے والے ہیں۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب وجیہہ الزمان خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: جناب وجیہہ الزمان خان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ جناب سپیکر، میں آپکا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے کچھ کہنے کی سعادت دی، جناب سپیکر! بڑے عرصے سے ہم محسوس کررہے ہیں کہ وزیر اعلیٰ صاحب Opening speech کے بعد آج تک دوبارہ سیشن میں نظر نہیں آئے،اس سے پہلے تو ہم یہ محسوس کرتے رہے ہیں کہ وہ مصروف ہیں،ان کے بہت سے کام ہیں، جن کی وجہ سے وہ نہیں آپارہے ہیں، لیکن یہ ایک آرڈر میرے ہاتھ میں لگاہے، جس سے ان کی مصروفیات سامنے آئی ہیں کہ جس+ * کے نام پرانہوں نے ووٹ لیاہے، اس کاثواب کمانے کے لئے آج وہ آفس میں بیٹھے ہوئے ہیں،جب ایک Ban ہوتاہے ٹرانسفرز کے اوپراسکا مقصد ہے کہ وہ Ban ہے اور اس میں ٹرانسفر نہیں ہوگی، لیکن وہاں پر جب ذاتی مفادات دیکھ کر وہاں پر Ban کو Relax کیا جاتاہے اور وہاں پر ٹرانسفرز کئے جاتے ہیں اور ایک شریف آدمی کو ہٹا کر وہاں پر کرپٹ آدمی کو لگایا جاتاہے،اس سے ہم کیاتاثر لے سکتے ہیں کہ کس قسم کاثواب یہ کمایا جارہاہے؟ (تالیاں)

جناب سپیکر! میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ ایک دو ٹکے کے جنگل کے ٹھیکیدار کے کہنے پر ایک Institution کے Conservator کو ہٹایا جاتا ہے، یہ Institutions تباہ ہورہے ہیں جناب سپیکر، برباد ہورہے ہیں سارے، میں نے سی ایم صاحب سے گزارش کی، میں نے کہا کہ یہ آرڈر کیوں ہورہاہے؟ انہوں نے کہا کہ میرے حلقے کاآدمی ہے، میں نے کہاکہ آپ کے حلقے کاآدمی ہے،اپنے حلقے میں لگاؤاس کو، کہاکہ نہیں وہاں پر درخت نہیں ہیں،وہاں پر درخت ہیں تو جناب سپیکر،ہمارے وہاں پر درخت جو کہ جنگلوں کا گوشت ہے ختم ہوچکے ہیں،چند چیچھڑے رہ گئے ہیں،خدا کے لئے اس باگڑ بلے کو وہاں پر مت بھیجیں،اس نے پہلے تباہی مچائی ہے پھر تباہی مچائے گااور یہی ناانصافی وہاں پر رہی تو میں سمجھتاہوں کہ مجھے بڑے دکھ کے ساتھ کہناپڑتاہے کہ جو مدرسوں میں اسلام آپ نے پھیلایا،وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے اور آج اگر اس طرح انصاف کی دھجیاں بکھری جائیں گی تو میں سمجھتاہوں اس ملک کے Institution تباہ ہوجائیں گے اور جب ناانصافی کی cross Limit ہوجائینگی تو وہاں پر اس ملک

*            بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

میں رہنا محال ہو جائیگا ہمارے لئے، اور اسی ملک سے بھاگ بھی کیسے سکتے ہیں؟ اللہ کا حکم ہے کہ جہاں ناانصافی بہت زیادہ شروع ہو جائے وہاں سے کوچ کر جاؤ، کوچ کر کے کہاں جائیں؟ جہاں جائیں ہمارے پر Terroristsکا لیبل لگا ہوا ہے، اپنے ملک میں رہنا ہمارے لئے محال ہو گیا ہے،      (تالیاں)      جناب سپیکر! میری گزارش ہے کہ یہ جو Institutions تباہ ہونا شروع ہو گئے ہیں، ان کو فوراً روکا جائے اور انصاف پر فیصلے کئے جائیں، ہم نہیں کہتے کہ ہمارا کوئی کام کریں آپ، ہم اپوزیشن میں ہیں، ہم برداشت کریں گے، لیکن انصاف ہونا چاہیئے اور اسلام کے علمبردار اگر انصاف نہیں کرینگے تو ہم کہاں جائیں گے؟ کس دروازے کو کھٹکھٹائیں گے؟ آج + *پروٹوکول لیکر آپ آئے ہیں، خدا کے لئے ناانصافیاں یہاں مت ہونے دیں، یہاں پر رل جائیں گے ہمارے پاس کوئی جگہ نہیں ہو گی۔۔۔۔۔

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): پوائنٹ آف آرڈر سر یہ۔۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: اور جناب سپیکر! اسی حوالے سے جب تک یہ آرڈر کینسل نہیں ہوتا، میں اس اسمبلی سے واک آؤٹ کرتا ہوں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: ہم نے + *پروٹوکول نہیں لئے یہ غلط فرما رہے ہیں اور یہ الفاظ Expunge کئے جائیں۔

Mr. Speaker: Expunged.

(اس مرحلہ پر اپوزیشن کے چند اراکین اسمبلی نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

جناب قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! میں بھی ان کے موقف کی تائید کرتا ہوں اور میں بھی ان کے ساتھ واک آؤٹ کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: رفعت اکبر سواتی صاحبہ، جی رفعت اکبر سواتی صاحبہ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: مسٹر آنریبل سپیکر سر! اس انصاف کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے، میں یہ کہونگی کہ چیف منسٹر صاحب نے گومل میڈیکل کالج کو کیسے ناانصافی کا شکار بنا دیا اور سیدو میڈیکل کالج کیلئے پانچ لاکھ روپے دے دیئے ہیں تو میرے خیال میں اس سے بڑی ناانصافی نہیں، یہ سوتیلا پن نہیں ہونا چاہیئے، یہ

زیادتی کی بات ہے، اگر آپ سٹوڈنٹس کو ایک ہی کٹہرے میں کھڑا کر رہے ہیں، ایک ہی ترازو میں تول رہے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ سیدو میڈیکل کالج کو Benefit مل رہا ہے اور گومل میڈیکل کالج کو

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

Benefit نہیں مل رہا ہے؟ تو میری آپ سے بھی گزارش ہے اور چیف منسٹر صاحب سے بھی گزارش ہے کہ یہ سوتیلے پن کا Attitude ختم کیا جائے اور پلیز ہمیں آپ سے انصاف کی توقع ہے، ہم آپ سے انصاف

چاہتے ہیں، تھینک یو۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: میں معزز رکن کے ان الفاظ پر جو انہوں نے ادا کئے ہیں، اس پر میں پانچ منٹ احتجاج کے طور پر کھڑا رہونگا۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تو Expunged ہو گئے ہیں نا۔۔۔۔

وزیر قانون: میں ان کو یہ بتانا چاہتا ہوں، آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں، ہاؤس کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایم ایم اے کے Coalition کا ہمارا جو نشان تھا وہ کتاب تھی یہ غلط بیانی انہوں نے کی کہ ہم نے + *پر ووٹ لیا ہے، ہم نے قرآن کسی پر ظاہر نہیں کیا، نہ کسی جلسے میں یہ ثابت کر کے لائیں یا کسی جگہ پر یہ ایسا بیان لیکر آجائیں، Written میں لائیں، خود بتائیں کہ ایم ایم اے والوں نے کبھی بھی یہ لفظ استعمال کیا ہو کہ یہ کتاب نہیں، ہمیں + *نشان ملا ہے اور ہم نے + *پر ووٹ لیا ہے، لہذا ان کی (تالیاں) اس غلط بیانی پر میں اپنے آپ کو پانچ منٹ کھڑے رہ کر یہ سزا دینا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں۔۔۔۔

مولانا محمد ادریس: جناب سپیکر! زما دا خیال دے چې د اپوزیشن ملګرو ته تاسو دومره حیثیت ورکړے دے، دا د هغې سزا ده چې هغې نن زمونږه په مشرانو باندې هم دلته کښې مونږ سره ظلم کیږی آو زمونږه خلاف هتک آمیز لهجه

استعمالیږی او زمونږه مشران بدنام کیږی، زمونږه پالیسی بدنام کیږی، دا خبره ده چې په دیکښې زمونږه ډیر هتک عزت کیږی، دا مونږه بالکل نه شو برداشت کولے ، ستاسو نه مونږه دا مطالبه کوؤ چې که دوئ دغسې لوبے زمونږه سره کوی لکه چې دا کومے ئے شروع کړی دی، نو په یوه معمولی خبره او یوه ذاتی خبره، په یوه ذاتی خبره او دهغې د پاره لګیادی په مونږه باندی دغه کوی۔۔۔۔۔
مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: زما دا درخواست دے چې دوئ مه مناووئ چې راشی دلته۔

---

— * بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

جناب محمد ادریس: دا مونږه نه شو برداشت کولے۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: تر څو پورے چې ئے معافی نه ده غوښتے ، د غلط بیانی کار ئے کړے دے ، مونږه چرته هم دے کتاب ته قرآن نه دے وئیلے چې هغه مونږه ته قرآن یاده وی، دغلط بیانی معافی د او غواړی، هله پسے تاسو لاړ شئی چې رضا ئے کړئ۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر سر! په دے موقع باندی شاعر وائ چې ''دا یو دی په سر سترګو خو دا بل منلے نه شو'' مونږه د اپوزیشن هر جائز احتجاج او دهغوی تنقید دا په کهلے دل سره برداشت کړے دے ، برداشت کوؤ ئے او، څنګه چې زمونږه لیډر آف دی هاؤس په اولنئی ورځ باندی دا اعلان کړے وو چې ''ہم اپوزیشن کو دیوار سے لگانے کے بجائے سینے اور دل سے لگاتے ہیں''، نو زمونږه هغه پالیسی اوس هم ده او بیا به هم وی خو مونږه د هغې نه د ناجائزے فائدے اغستو اجازت هیڅ چاته نه ورکوؤ او هغوی ته مونږه بالکل چې یره دا خو شائسته هاؤس دے ، په دیکښې دے د غلط بیانئی نه هم کار نه اغستے کیږی او په دیکښې د بلیک میلنګ نه هم کار نه اغستے کیږی، زمونږه دا درخواست دے چې په دے موقع باندې چې زمونږه ملک ظفراعظم صاحب کوم احتجاج اوکړو، کوم چې هغوی

په ریکارډ باندې راوستو نو مونږه هم د هغوی په حق کښې بالکل هم د غه شانته د هغوی سره اودریږو۔

(اس مرحلہ پر حزب اقتدار کے تمام معزز اراکین احتجاجاً کھڑے ہوگئے)

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: د دې کتاب تردید مونږه په الیکشن کښې هم کړے وو او اوس هغه الفاظ بیا استعمالیږی چې دا کتاب قرآن دے، د دې نه زیات غلط بیانی به نور څه وی؟

جناب پیر محمد خان: جمهوریت کښې سپیکر صاحب، په اسمبلئی کښې دا خبرې راځی، زما خیال دے یو بل سره دا بعضے خبرې که راشی نو عفوو درګزر، هسې هم مونږه ته اسلام وائ چې یو بل کوئ او زمونږه رونړه دی، اپوزیشن دی او که ګورنمنټ بینچز دی، مونږه ټول رونړه یو۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: لیکن هغوی د د غلط بیانئی نه کار خو نه اخلی کنه۔

جناب پیر محمد خان: دا ان شاالله داسې ده چې لکه یو کلاس فیلو چې وی، په کلاس کښې چې څنګه واړه ناست وی، هغه کلاس فیلو وی او د هغوی یو بل سره محبت وی د هر کلی چې وی، دغه شانتے که زمونږه د اپوزیشن دے او که د ګورنمنټ بنچز دی، دا رونړه دی، مونږه رونړه یو، مونږ د هغوی احترام کوؤ او د خپل ملګرو دیو بل به احترام کوؤ، په دے هاؤس کښې راځی،په دے کښې داسې خبرې راشی په تقریر کښې بعضے وخت کښې خبرې لږے سختے اوځی خو د حکومت طرف نه همیشه د نرمئی سلوک کیږی، تیر وخت هم شوے دے۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: محترم سختے خبرې بیلے وی او غلط بیانی بیله ده۔۔۔۔

(شور)

جناب امانت شاہ: جناب سپیکر! په اصل کښې خبره دا ده چې یو تن ته د دوه ټکے ټهیکیدار وئیل څه بے انصافی ده، بیا دا خبره کوئ چې داد هغه حلقے کس دے یا بالکل په هغه باندې Blameالزام لګوی۔

جناب پیر محمد خان: زمونږه کوم مشران دی۔۔۔۔

حافظ اختر علی (وزیر زراعت): جناب سپیکر۔

جناب پیر محمد خان: ښه غټ علما دی، ښه پوهه قابلان لیډران دی-----

وزیر زراعت ومذہبی امور: جناب سپیکر! دا خبره زهٔ عرض کوم چې اپوزیشن همیشه د پاره کوم خبره اوچته کړې ده نو مونږه هغوی مناو کړی دی او هغوی له تلی یو او راوستے مو دی، لیکن دا نن چې دوئ د کوم غلط بیانئی مظاهره اوکړه او په وزیر اعلیٰ صاحب باندې ئے کوم بلیمونه دوئ اولګول او قرآن شریف په حوالے سره ئے د کوم کذب او د اختراع مظاهره اوکړه نو یقیناً داد اپوزیشن د پاره زیب نه کوی او دا ډیره نامناسبه رویه هغوی اختیار کړه، همیشه د پاره چې کله هم جائز خبره راغلے ده مونږه دوئ مناو کړی دی، راوستی مودی او ورسره ناست یو، لیکن داسې طریقه اختیار کول چې یره قرآن شریف تر مینځه شو او یا د وزیر اعلیٰ صاحب په حواله سره، نو یقیناً دا د برداشت نه بهر خبره ده۔

جناب حبیب الرحمان: جناب سپیکر! اجازت دے؟

جناب عبدالماجد: جناب سپیکر! دا یو Clarification کوم-----

جناب پیر محمد خان: زما خو ریکویسټ دا دے سپیکر صاحب، چې زمونږه دا مشران د یو دوه درے تنه لاړ شی، دا څه د هندکو پښتو خبره نه ده-----

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: بالکل د لاړ شی۔

جناب پیر محمد خان: دا دومره سټیجونو باندې-----

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: بالکل د لاړ شی خو معافی به غواړی هلے۔

جناب پیر محمد خان: چې دا خبرې کیږی، دا مجلس عمل ټهیک ده چې د کتاب په نخه باندې ګټلے ده خو د کتاب نخه، ټهیک ده په جلسو کښې خلق هر څه وائ او مونږه دا نه وایو چې د کتاب دا نخه قرآن دے خو د قرآن د نظام یو وعده زمونږه د مشرانو یو وعده وه، هغه وعده ده چې دا کتاب چې نخه ده نو مونږه د قرآن نظام به راولو نو که په دغے باندې که څوک Mindکوی نو دا نه دی، Mindکول پکار۔

جناب حبیب الرحمان: جناب سپیکر! زهٔ پکښې یو وضاحت کوم۔

جناب پیر محمد خان: نظام د قرآن به غواړو، هغه به راولو، هغې له به کوشش کوؤ او باقي که هغه نظام تر اوسه پورے که لا نه دے راغلې نو هغې د پاره به هم زمونږه مسلمانان رونړه-----

جناب امانت شاه: پیر محمد خان صاحب، ستاسو خبره صحیح ده خو لکه د نظام دا نه دے چې قرآن نه-----

جناب حبیب الرحمان: جناب سپیکر صاحب! زۀ یو عرض کوم۔

جناب سپیکر: امانت شاه صاحب، امانت شاه صاحب، No cross talkingسراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ محترم جناب سپیکر صاحب! د ټولو نه مخکښې خو اراکین اسمبلئی ته مے درخواست دے، چې هغوی په خپلو سیټونو تشریف کیږدی۔

جناب سپیکر: جی سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر: دویم عرض مے دا دے، چې اپوزیشن همیشه اهم مسائلو ته زمونږه توجه ستنه کړې ده مونږه ئے هر کلے، استقبال او خوش آمدید کړے دے، او دے اسمبلی ته مونږه د صوبه سرحد د خلقو د یو جرګے نوم ورکړے دے، او زمونږه د صوبه سرحد د جرګے خصوصیات دا دی، چې په هغې کښې ټول خلق برابر وی او په هغې کښې د ټولو خلقو خبرو ته یو شان وزن او اهمیت ورکړے کیږی، د دې وجه نه مونږه د اپوزیشن رونړه و دوستانو او ملګرو هغه خبرو ته چې مونږ ته توجه راکوی، مونږه همیشه اهمیت ورکړے دے، او بارها په دے ایوان کښې داسې خبرې راغلې دی چې د اپوزیشن یو رکن خبره کړې ده او د ایم ایم اے ارکانو دهغې ملګرتیا کړې ده، زۀ په دے خبره هم اعتراف کومه چې کله د اقتدار بینچونه هم یو ښه تجویز راغلې دے، نو اپوزیشن د هغې ملګرتیا کړې ده، او په دے بنیاد باندې د صوبه سرحد دا هاؤس د ټول پاکستان د پاره یوه نمونه ده، او زمونږه دا جمهوری کلچر د پاکستان د پاره یو ماډل دے، او زۀ د دې خبرې بالکل یقین ساتم چې اپوزیشن د حزب اقتدار د پاره د آئینے حیثیت لری

او آئینه چې کوم مخ ته مخامخ نه وی نو ضرور پرے داغونه راځی، خو دآئینے صفات هم دادی چې کوم داغ وی نو د هغې نه ئے زیات نه ښائ او چې آئینه مخامخ نه وی نو پیښے شا بل چاته هم نه ښائ او د دې وجه نه مونږه دا آئینه همیشه محفوظ ساتل غواړو او سنهبال ئے ساتل غواړو، زمونږ د پاره اګرچه که داد ملاویږی او که نه ملاویږی خو د حکومت د بینچونو همیشه لاره د صبر برداشت او هغه د اوریدو لاره ده، اوزمونږه ملګرو هم په دے بینچونو ډیر زیات وخت تیر کړے دے ، هغه شاعر وئیلی دی۔

*صبر کرتاہوں تووہ داد کہاں دیتاہے۔*

*آہ بھرتاہوں توالزام جہاں دیتاہے۔*

بهر حال داد که ملاویږی او که نه ملاویږی، مونږه به د صبر استقامت او دیارئ او د دوستئی په بنیاد باندې د دې ایوان وقار برقرار ساتل غواړو، وزیر اعلیٰ صاحب ښو ورځے مخکښې هم زمونږ دا ملګری د ځان سره کیښنولی وو او مکمل تسلی ئے ورکړې ده، او مونږه همیشه په مذاکراتو باندې په Table talks باندې یقین ساتو او چې هره ګله وی ان شاالله نو د هغې دلرے کولو کوشش به کوو، او زهٔ د دې خبرې اظهار کومه چې په دے ملک کښې کیدے شی بعضے قوتونه په دے خواهش کښې وی چې کوم د اسمبلئی نه بهر پاتے شوې دی، چې دا اسمبلئی په هغه انداز کښې او نه چلیږی، د پښتو متل دے چې په کومه کټوئ کښې زما حصه نه وی نو هغه کټوئ د ماته شی، خو په دی کټوئ کښې د حزب اقتدار او حزب اختلاف دواړو حصه پخیږی، نو د دې وجه نه دا کټوئ به مونږه قائم او دائم ساتل غواړو، زهٔ جناب پیر محمد خان صاحب،حبیب الرحمن صاحب او زمونږه میاں نثار ګل صاحب ته درخواست کومه جناب قاری فضل علی صاحب، حسین احمد صاحب ته چې هغوې ورشی او زمونږه محترم رونړو ته درخواست اوکړی او هغوې واپس خپلو بینچونو ته واپس راشی، ډیره زیاته شکریه۔

جناب مظفر سید: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، مظفر سید صاحب۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب! په دے موقع باندې وزیر تعلیم خو بهر دے ، د جناب سپیکر صاحب په وساطت سره څو ورځے وړاندے زمونږه دلته کښې د ایلیمنټری کالج په باره کښې دلته کښې خبره شوې وه خو هغه شان کالجونه لا پته دی، هغې ته سټاف ورنکړے شو د هغې بیر ته Functionکولو د پاره اوسه پورے هیڅ قسمه څه کاروائ نه ده شوې، زۀ ستاسو په وساطت سره دا تپوس کول غواړمه چې هغې ته د توجه ورکړے شی او هغه کار د بیر ته Expediteشی او هغه Elementary collegesد بیر ته په Functionکښې راوستے شی۔ زۀ امید لرمه چې دا بیرته بحال شی، شکریه جناب۔

جناب شوکت حبیب: ټول راځو کنه، یوازے به زۀ څه کومه؟

## ترمیمی شرعی نظام عدل آرڈی نینس 2003 کا ایوان میں پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 8. The honourable Chief Minister, NWFP, to please introduce before the House the Shari Nizam-e-Adl (Amendment) Ordinance, 2003. The honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs on behalf of Chief Minister please.
Mr. Zafar Azam (Minister for Law): Thank you sir.

جناب سپیکر: شابا، شابا د موقع نه فائده واخله۔

Minister for Law & Parliamentary Affairs: Sir, I beg to lay the Shari Nizame-e-Adl (Amendment) Ordinance, 2003, on the table at the House. Thank you, sir.
Mr. Speaker: The Ordinance stands laid.

## شمال مغربی سرحدی صوبہ فنانس (ترمیمی) بل کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 9 and 10. The honourable Minister for Finance, NWFP, to please move that the North West Frontier Province Finance (Amendment) Bill, 2003, may be taken into consideration at once. The honourable Minister for Finance. The honouurable Minister for Law and Parliamentary Affairs, on behalf of Finance minister.
Malik. Zafar Azam (Minister for Law & Parliamentary Affairs): Thank you sir. I beg to move that the North West Frontier Province Finance (Amendment) Bill, 2003 may be taken into consideration at once. Thank you.

Mr. Speaker: The motion moved is that the North West Frontier Province Finance (Amendment) Bill, 2003, may be taken into consideration at once.? Those who are in favour of it may Say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Consideration stage: Since no amendment has been moved by any honourable Member in clauses 1 to 3 of the Bill, therefore, clauses 1 to 3 stands part of the Bill. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 3, stands part of the Bill. Preamble also stands part of the Bill.

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین واک آؤٹ ختم کرکے دوبارہ ایوان میں داخل ہوئے)

(تالیاں)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! پوائنټ آف آرډر، جناب سپیکر! دا بل چې کله Moveشو نو دا ما Opposeکړے وو، په هغې وخت کښې او Under the rules یو منټ جی زهٔ خبره کومه په پوائنټ آف آرډر باندې، پوائنټ آف آرډر خو نه کیږی، جناب سپیکر، دا چې کله Moveشو نو په هغې وخت کښې دا ما Opposeکړے وو که تاسو رولز اوګورئ Consideration stage نه پس، په هغې باندې ماته په دے باندې د خبرې کولو حق شته۔

جناب سپیکر: نو هغه Stageخو تیر شو عبدالاکبر خان، ټول Processلوئے کار دے۔

جناب عبدالاکبر خان: نه جی، زهٔ Consideration stageیا دومه۔

وزیر قانون: دا Consideration stageخو تیر شو۔

## شمال مغربی سرحدی صوبہ فنانس (ترمیمی) بل کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs, NWFP, to please move that the North West Frontier Province Finance (Amendment) Bill, 2003, may be passed. Honourable Minister for Finance, NWFP, please.

جناب عبدالاکبرخان: جناب سپیکر! تاسو مونږه په دے باندې Allow کوئ نه، دا بل Stage خو لا تاسو نه دے کړے د Consideration۔

جناب سپیکر: لا منسٹر، دا Consideration stage عبدالاکبرخان تیر شوے دے۔

جناب عبدالاکبرخان: Consideration stage څنګه تیر شو؟

جناب سپیکر: هغه تیر شو جی۔

Minister for Law: Thank you sir. I beg to move that the North West Frontier Province Finance (Amendment) Bill, 2003 may be passed.
Mr. Speaker: The motion before the House is that the North West Frontier Province Finance (Amendment) Bill, 2003, may be passed. Is it the desire of the House that the Bill may be passed?
Voices: 'Yes' and 'No'.
Mr. Speaker: Those who are in favour of it may say 'Yes'.
(Voices 'Yes')
Mr. Speaker: Those who are against it may say 'No'.
Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.
Mr. Abdul Akbar Khan: Janab Speaker, we want a division on it.
ډویژن مونږه په دے باندې غواړو۔

جناب سپیکر: ډویژن پرے غواړئ؟

جناب عبدالاکبرخان: او جی۔

Mr. Speaker: Those who are in favour of it.

وزیر قانون: سر! جب اس کو Oppose کیا گیا تھا تو کوئی Amendment نہیں دی گئی تھی تو اس پر اب کیا ہو سکتا ہے جی۔

جناب عبدالاکبرخان: جناب سپیکر، ان کے سیکرٹریٹ نے غلط Abstract ہمیں Provide کیا ہے، جناب سپیکر ڈیپارٹمنٹ نے غلط Abstract ہمیں دیا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس نے Challenge کیا ہے۔ Those who are in favour of it, please stand near their seats, please stand near their seats.
او دریږئ چې څوک د دې بل په حق کښې وی هغه او دریږئ۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! آپ ہمیں یہ بتائیں ہم تو ابھی آئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سیکرتری صاحب او شمارئ۔

جناب انور کمال خان: ہمیں یہ پتہ نہیں چل رہاہے کہ یہ کس چیز کے لئے آپ Division کرر ہے ہیں؟ ذرا پانچ منٹ ہمیں دیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آپ بھی زیادتی کرر ہے ہیں، Consideration کے Stage کے بعد ہمارے پاس Prime ہے کہ ہم اس بل کے خلاف بولیں، آپ ہمیں بولنے دیں، اس کے بعد آپ پاس کرنے کے Stage پر جائیں گے۔۔۔۔۔

جناب انور کمال خان: Let the chair explain it کہ کیا بات ہے؟ ہمیں اس چیز کا بھی پتہ نہیں کہ ہم جس چیز کے لئے کھڑے ہوئے ہیں؟۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ آپ بالکل رولز کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، آئین اور قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

وزیر قانون: یہ قانون کی خلاف ورزی، آپ نے Challenge کیا، آپ نے Counting کے لئے کہا ہے ہم تو Counting کے لئے کھڑے ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میں اس بل کے مخالف ہوں، ہمیں اس بل کے خلاف بولنے دیا جائے۔۔۔۔۔

جناب انور کمال خان: دا مونږ ته اوښائ چې په دی باندې څه چل دے؟ دا د څه څیز بل دے؟ (مداخلت) نه نه جی، د واک آؤټ خبره نه ده، مونږه ځان پرے پوهه وو، چې څه لانجه بیا جوړه ده۔

Mr. Abdul Akbar Khan: At least the Government should give us the detail.

چې دا څه څیز دے، دا څه څیز دوئ راوړل غواړئ؟

جناب پیر محمد خان: بس اوشو، عبدالاکبر خان خیر دے۔

جناب انور کمال خان: نه کنه ړنده کهاته خو نه کوو، ولاړ یمه ورسره، نوئے څه څیز کوئ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: حق کښې، 48 دغه اولیکئی۔

Those who are against it, please stand near their seats.

سیکرټری صاحب ته درخواست دے چې Counting اوکړی

(اس مرحلہ پر بل پر رائے شماری کی گئی)

Mr. Speaker: 48 in favour of the Bill and 28 against the Bill.

(The motion was carried)

Mr Speaker: The 'Ayes' 'have it. The Bill is passed.

(تالیاں)

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: ابھی ایک بات کی میں تھوڑی وضاحت کرنا چاہونگا، ابھی ایک مسئلے پر ہم نے واک آؤٹ کیا تھا، اس میں ممکن ہے کہ کچھ میرے بزرگ بھائی خفا ہوئے ہوں، میرا مقصد انفرادی طور پر کسی کو ٹارگٹ کرنا نہیں تھا، جب ایک لیڈر غلطی کرتا ہے تو سارے برابر بیچ میں شریک تصور کئے جاتے ہیں، بہر حال بزرگ لوگ آئے ہیں، انہوں نے ہمیں اس بات کی گارنٹی دی ہے کہ کل تک یہ آرڈر کینسل ہو جائے گا، اگر یہ ناانصافی ہمارے ساتھ نہ ہوئی تو، جس طرح کہ آپ لوگوں نے پہلے کہا تھا کہ ہم آپ سے سینہ لگا کر چلیں گے، ہم دو قدم آپ سے آگے چلیں گے، لیکن انصاف مانگتے ہیں، ناانصافی نہیں مانگتے، میں آپ سب کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے ہماری حوصلہ افزائی کی اور انشااللہ اچھی طرح مل جل آگے چلیں گے، Thank you

وزیر قانون: سپیکر صاحب! ہم ان کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ ناانصافی اپنے ساتھ ناانصافی تصور کرتے ہیں، آپ کے ساتھ کسی بھی قسم کی ناانصافی میں ہم آپ کے ساتھ ہونگے، لیکن بہت ہی عاجزانہ منت کرتے ہیں، Chair کے Through کہ ہمارا نشان کتاب ہے، آپ ذہن نشین رکھیں کہ ہمارا نشان صرف اور صرف کتاب ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب عبدالاکبر خان: میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں، جناب سپیکر، I want to draw your attention to rule 106

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب۔

Mr. Abdul Akbar Khan: "The discussion on a motion that the Bill be passed. Shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill in making his speech a Member shall not refer to the details of the Bill".

جناب سپیکر! ہم اس پر صرف بولنا چاہتے تھے، ایک منٹ کے لئے بول رہے تھے، آپ نے ہمیں اس پر بولنے نہیں دیا۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں آپ لوگوں پر وہ Stage گزر گیا تھا، اس لئے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں میں Stage پر بات نہیں کر رہا ہوں، Consideration stage پر مجھے کم از کم آدھے گھنٹے کے لئے بولنا چاہیئے تھا، لیکن یہ تو میں Passing stage کی بات کر رہا ہوں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر مسٹر سپیکر سر!

Mr. Speaker: Next item, Discussion on coming ADP, including.

(Interruption)

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پلیز سر، آپ ناانصافی تو نہ کیا کریں نااپوزیشن کیساتھ، تھوڑا سا ٹائم ہمیں بھی دیا کریں۔

جناب سپیکر: آپ اگر پوائنٹ آف آرڈر پر بولنا چاہتی ہیں تو آپ، جس رول کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، جس آرٹیکل کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، پہلے وہ Quote کریں کہ یہ خلاف ورزی ہے، اس آرٹیکل کی اور اس رول کی۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر! میں آرٹیکل کی تو بات ہی نہیں کر رہی ہوں، اس وقت تو ممبران ہی باہر چلے گئے تھے، جس وقت میں نے سیدو میڈیکل کالج اور گومل میڈیکل کالج کی بات کی تھی تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر کافی Discussion ہوئی ہے اور کمیٹی بھی بن گئی ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر! دیکھیں نا چیف منسٹر نے باسٹھ لاکھ روپے ان کو دیدیئے ہیں، تو گومل کے ساتھ کیوں یہ سلوک ہو رہا ہے؟ آخر وہ بچے بھی ہمارے بچے ہیں نا، ان کے ساتھ کیوں ناانصافی ہو رہی ہے، اس میں آپ کے بچے بھی ہیں، ہمارے بچے بھی ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ انصاف ملے۔

جناب سپیکر: مسٹر عبدالاکبر خان پلیز، آپ Start کر لیں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں جناب سپیکر، ابھی گیارہ بجنے والے ہیں اور مجھے واپڈا ہاؤس جانا ہے، بعد میں میں واپس آکر بات کروں گا۔

جناب سپیکر: بعد میں کریں گے؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں جی، میں مشکور ہوں آپکا۔

جناب سپیکر: انور کمال خان صاحب۔

## سالانہ ترقیاتی پروگرام بشمول صوبائی فنانس کمیشن اور تعمیر سرحد پروگرام پر بحث

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں، ہمیں تو آج یہ علم نہیں تھا کہ آج بجٹ پہ یا اے ڈی پی یا نٹ پر افٹس پہ یا اس پہ آپ ہمیں Invite کریں گے، لیکن چونکہ آپ نے مجھے کہا تو، لہذا میں بجٹ کے بارے میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ ہمیشہ سے طریقہ کار جو آتا رہا ہے، بجٹ کی فارمیشن میں اے ڈی پی کی فارمیشن کی، وہ ہمیشہ سے حکومت اپنے ممبران کو چاہے وہ ٹریژی بینچز سے تعلق رکھتے ہوں، چاہے وہ اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہوں، ان کو ہمیشہ اعتماد میں لیکر اے ڈی پی ہمیشہ تیار کی جاتی ہے، آپ کو جیسے کہ علم ہے کہ بجٹ کے اپنے Sources ہیں اور بجٹ میں اس وقت آپ کی جو پراونشل Receipts ہیں وہ تمام بجٹ کا، اگر آپ حجم لیں تو آپ کی پراونشل Receipts تمام بجٹ کے صرف دس فیصد جو ہے وہ آپ کے Provincial receipts ہیں، باقی 90 فیصد آپ کا جو بجٹ ہے اس تمام کا دارومدار آپکے فیڈرل گورنمنٹ پہ، آپ کے Federal Divisible Pool سے پیسہ آتا ہے، آپ کی ڈونر ایجنسیز آپکو پیسہ دیتی ہیں اور اس کے علاوہ آپ کے سنٹرل ایکسائز یا آپ کے جنرل سیلز ٹیکس سے آپ کو پیسہ آتا ہے، اب ایک چیز جس پر میں زیادہ زور دونگا اور جیسے کہ ہم ہمیشہ یہاں پر باتیں کرتے ہیں کہ ہمارے وسائل موجود ہیں اور ہمارے مسائل کچھ زیادہ ہیں تو اس سلسلے میں، میں یہ عرض کرتا چلوں کہ اگر ہم تمام اس سلسلے میں حکومت کا ساتھ دیں اور اپنے حقوق کے لئے مرکز کے ساتھ بیک آواز ان سے اپنے حقوق مانگیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبہ جسے اللہ تعالیٰ نے تمام وہ وسائل، تمام وہ انعامات، تمام وہ گفٹ دیئے ہیں تو ہم کسی صورت میں بھی کسی دوسرے صوبے سے پیچھے نہیں رہ سکتے، آپ دیکھیں کہ جب Federal Divisible Pool سے آپکو پیسہ ملتا ہے تو 62.5 فیصد پیسہ آپکے ڈیفنس پہ اور آپ کے

Debt servicing پر چلا جاتا ہے، کیونکہ مرکز آپ کے صوبوں کو نہیں دیتا اور 37 فیصد بجٹ جو ہے وہ تمام چاروں صوبوں کے کھاتے میں آ جاتا ہے، جس میں آپ کے لئے جو Criteria جو سیلنگ، جو Limitation مقرر کی گئی ہیں، وہ آپ کے Population basis پر ہیں، جو آپ کی اس وقت آبادی ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے صوبوں کو پیسے ملتے ہیں، لہذا اس وقت اگر پیسے ملتے ہیں تو مجھے اس میں کوئی عار نہیں کہ میں یہ کہوں کہ پاکستان میں اس وقت پنجاب کی آبادی 63 فیصد ہے تو آپ کا وہ میجر حصہ آپ کے فنڈ کا Federal Divisible Pool سے وہ تمام 63 فیصد حصہ آپ کے پنجاب میں چلا جاتا ہے، ہم صوبہ سرحد پاکستان کے تقریباً 18 فیصد آبادی کے برابر ہیں، لیکن آپ دیکھیں کہ کس مد میں آپ کو کتنا فیصد پیسہ مل رہا ہے؟ صوبہ سرحد کو اس مد میں صرف 13 فیصد پیسہ مل رہا ہے تو جب آپ اپنے حقوق کے لئے نہیں لڑینگے، جب آپ مرکز سے یہ نہیں کہیں گے کہ آپ اپنی Debt servicing جو آپکے قرضہ جات ہیں، جو آپ لے رہے ہیں یا آپ جو پیسہ اپنے ڈیفنس پر لگا رہے ہیں، اگر آپ اس کو کم نہیں کریں گے تو آپ کس صورت میں صوبوں کے پیسے زیادہ کرینگے؟ اب آپ دیکھیں کہ سندھ نے ایک Movement شروع کی ہوئی ہے اور سندھ کی یہ ڈیمانڈز ہیں اور ان کے یہ تقاضے ہیں کہ مرکز جس صوبے سے زیادہ ٹیکس وصول کر رہا ہے تو آپ پاپولیشن کے Criteria کو ختم کر کے آپ ان ٹیکسز کی وصولی کی بنیاد پر صوبوں کو Federal Divisible Pool سے پیسے دیا کریں تو جناب والا! اگر مرکز نے ان کی اس ڈیمانڈ کو Accept کر لیا ہے تو آپ دیکھیں گے کہ کراچی اس وقت سندھ اس وقت تمام انڈسٹریز کا Hub ہے وہاں پر آپ اگر صرف ان کے Sea port کا اندازہ لگائیں تو جتنے ٹیکسز وہ وصول کر رہے ہیں تو اگر یہ فارمولا کہیں انہوں نے آپ پر لاگو کر دیا، آج تو 13 فیصد آپکو پیسے مل رہے ہیں کل آپ کو 13 فیصد کے پیسے بھی نہیں ملیں گے، یہاں پر ہمارے دوستوں نے بتایا کہ ہمارے صوبہ سرحد کے جو Cache crops ہیں اس وقت جو ہمارے Planners ہیں، جو ہمارے فنانس منسٹر ہیں، ان کو چاہئیے کہ وہ اپنی Strategy جو ہے، اپنا طریقہ کار جو ہے، اس کو Stream line کریں اور تمام جتنے بھی ممبران ہیں اس اسمبلی میں، وہ اس صوبے کے حقوق کے لئے آپ کے ساتھ شانہ بشانہ ہو کر مرکز کے ساتھ لڑیں گے۔ (تالیاں)
اور آپ نے جب تک اپنی پالیسز کو Stream line نہیں کیا تو آپ دیکھیں گے کہ جو Strategies مرکز

آپ کے خلاف اس وقت بنا رہا ہے تو وہ تمام پیسہ جو ہے، وہ Divert ہو گا، میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا کہ یہ Cash crops جو ہے، اس پر ایک Cess fund ہے جو کہ خالی لاکھوں میں آپکے صوبوں کو مل رہا ہے، ایک تمباکو ہے جس سے آپ سنٹرل ایکسائز لے رہے ہیں، وہ تمام پیسہ جو کہ اربوں میں ہے اور میرا یہ یقین ہے کہ صرف ایک تمباکو پر پندرہ ارب سے بیس ارب روپے تک پیسے آپ کما رہے ہیں، لیکن وہ سنٹرل ایکسائز وہ تمام پیسہ آپ کا مرکز کو جا رہا ہے، جو آپ کا Cess fund ہے وہ تقریباً کوئی پندرہ لاکھ ہو گا، بیس لاکھ ہو گا تیس لاکھ ہو گا، چالیس لاکھ ہو گا، وہ Cess fund جو ہے، وہ خیرات کے طور پر آپ کے صوبوں کو مل رہا ہے، کاٹن کا تمام پیسہ بھی، لیکن ایک سنٹرل ایکسائز کی مد میں جو آپ بیس ارب روپے کما رہے ہیں وہ پاپولیشن کے Basis پر، جس وقت Central Divisible Pool میں چلا جاتا ہے تو پاپولیشن کے حساب سے اگر وہ پیسہ تقسیم کیا جاتا پھر 63 فیصد آبادی پر، پیسہ آپ کا ہے، دولت آپ کی ہے، ٹیکسز آپ دے رہے ہیں، لیکن جو تقسیم کا طریقہ ہے وہ 63 فیصد آبادی کے لحاظ سے تمام پیسہ آپکے پنجاب کی طرف چلا جاتا ہے، ہم پنجاب کے مخالف نہیں ہیں، وہ بھی ہمارے بھائی ہیں، وہ بھی اس ملک کی ہمارے ایک اکائی ہیں، لیکن ہم اپنے حقوق کے لئے ہمیشہ لڑتے رہیں گے اور ہم کسی صوبے کو یہ اجازت نہیں دیں گے (تالیاں) کہ وہ ہماری کمائی ہوئی رقم پر خود وہاں پر مزے کریں، یہاں پر بھی ہمارے لوگ ہیں، غریب ہیں، ہر قسم کے لوگ ہیں آپ اندازہ لگائیں کہ نٹ پرافٹس کے سلسلے میں 1992 سے جو اے۔جی۔این قاضی فارمولے کے تحت آپ کو، صوبہ سرحد کو جو نیٹ پرافٹس ملتے ہیں وہ انہوں نے Cap کئے ہوئے ہیں، وہ انہوں نے Freez کئے ہوئے ہیں، آج آبادی اور مہنگائی حد تک، Inflation کس حد تک بڑھ رہی ہے، لیکن 1993 میں جو اے.جی.این قاضی فارمولا تھا، اس کے تحت آپ کو چھ ارب روپے مل رہے ہیں، نیٹ پرافٹس کے مد میں اگر آپ دیکھیں تو آپکو بھی اس چیز کا علم ہو گا کہ آپ کا Generation cast جو ہے، وہ سولہ پیسے سے لیکر بیس پیسے Per unit ہے، اس پر Losses بھی ڈال دیں، اس پر آپ تمام چارجز بھی ڈال دیں، تو آپ کی Generation cast جو ہے، Production cost جو ہے وہ پچاس پیسے بن جائے گی، آپ پچاس کو دو سے ضرب دیں تو ایک روپیہ بن جائے گا تو یہ ان کا Production cost ہے اور اے.جی.این قاضی فارمولے کے تحت وہ کہتے ہیں کہ ہر سال اس چھ ارب روپے کو تو آپ کو نیٹ

پر افٹس ملتے ہیں، ہر سال اس پر ٹین پر سنٹ کا اضافہ ہونا چاہئیے، آپ دیکھیں کہ 1993 میں جو رقم آپ کے لئے مختص کی گئی ہے، چھ ارب روپے کی وہ آج 2003 میں بھی وہی چھ ارب روپے آپ کے لئے مختص کی گئی ہے اور اس پہ ایک پیسہ ایک دھیلے کا Increase بھی نہیں ہوا جہاں آپ کے Generation cost وہاں پر آپ کے Transmission lines پر اور آپ کے آپریشن کاسٹ پر وہاں پر چوری بھی اس میں، Losses بھی اس میں جمع کروادیتے ہیں اور وہ آپ کے اور ہمارے کھاتے میں جمع کروادیتے ہیں اور اس لحاظ سے آپ دیکھیں کہ اگر مرکز سے یا واپڈا سے ہم مطالبہ کریں یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ آج آفتاب شیر پاؤ خان جو کہ اسی صوبے سے تعلق رکھتے ہیں اور ہمیں یہ امید ہے کہ وہ اپنے صوبے کے لئے کم از کم اس مد میں تو ضرور مرکز سے یہ مطالبہ کریں گے کہ یہ چھ ارب روپے جو آپ نے Cap کئے ہوئے ہیں، آپ ہر روز بجلی کی قیمت بڑھا رہے ہیں، ایک روپیہ اگر بجلی کے پروڈکشن کی کاسٹ آرہی ہے ہم سے، Consumer سے چار روپے پانچ پیسے کے حساب سے وہ بجلی کا ٹیرف وصول کر رہے ہیں تو یہ کہاں کا انصاف ہے؟ آپ دیکھیں کہ ہائیڈل پروڈکشن جو ہے، اس وقت وہ تمام پاکستان میں 33 فیصد ہے، باقی آپ کا تھرمل ہے، وہ تھرمل بجلی جو ہے، اس وقت ہمارے پاس Potential ہے ایک انڈس ریور جو ہے وہ 36 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کر سکتی ہے تو جب آپ کے پاس یہ Potential ہے تو آپ اس کے لئے کیوں آواز نہیں اٹھاتے ہیں کہ ہم اپنے ہائیڈل پوٹینشل کو Exploit کریں اور یہاں پر کم از کم جو ہمارے Southern areas ہیں، جو ہماری گلیات ہیں یا جہاں پر قدرتی طور پر یہ چیز ہے، لیکن مرکز کی طرف سے پھر بھی اس پر پابندی ہے کہ آپ پچاس میگاواٹ سے بڑا کوئی پروجیکٹ نہیں کر سکتے ہیں کیوں کیا اعتراض ہے ان کا کہ ہم صوبے اس پر کوئی کام نہیں کر سکتے ہیں؟ وہ کہتے ہیں کہ جی آپ کے پاس Expertise نہیں ہیں، اگر ہم اس پاکستان کا اپنے آپ کو ایک حصہ سمجھتے ہیں تو کم از کم ان کو، مرکز کو چاہئیے کہ وہ ہمیں ایکسپر ٹیز دیں، وہ ہمیں فنانس دیں، وہ ہمیں سپورٹ کریں تاکہ یہ Potential ہم Exploit کر سکیں، جہاں آپ کی بجلی اتنی سستی ہوگی، اگر آپ اس بجلی کو اٹھا کر کسی پر فروخت کرنا چاہیں تو آپ سے یہ بجلی خریدنے کے لئے کوئی نہیں ہوگا، لہذا اس مد میں ہمیں چاہئیے کہ اپنے اے ڈی پی میں اپنے آنے والے بجٹ میں اپنی Strategy کو Change کرنا ہوگا، آپ کے پراونشل میں جس وقت آپ کا بجٹ بنتا ہے، آپ کے سوشل سیکٹرز ہیں،

آپ کے پروڈکٹیو سیکٹرز ہیں، سوشل سیکٹرز آپ کے وہ ہیں، جس کی مد میں آپ کی تعلیم ہے، آپ کا پبلک ہیلتھ ہے، آپ کا ایریگیشن ہے، لیکن آپ دیکھیں کہ ہمارا بجٹ جو ہے یہ Donor driven بجٹ ہے، آپ کو ڈونرز کی طرف سے پیسہ ملتا ہے، لیکن پروڈیکٹو سیکٹر میں آپ کو ایک دھیلہ بھی نہیں ملتا، میں اپنے ان بھائیوں سے یہ گزارش کروں گا کہ آپ پروڈیکٹیو سیکٹر پہ زیادہ زور دیں تاکہ کم از کم اس میں Employment generate کر سکیں، لوگوں کو کم از کم آپ نوکریاں دلوا سکیں، جب تک آپ پروڈیکٹیو سیکٹر کو نہیں جنریٹ کریں گے، اس میں زیادہ پیسہ نہیں ڈالیں گے، آپ کے صوبہ سرحد کی اس وقت 80 فیصد انڈسٹریز جو ہیں، وہ تمام بند پڑی ہوئی ہیں، اگر ان انڈسٹریز کو آپ Revive کریں، ان انڈسٹریز کو آپ شروع کریں، ان انڈسٹریز کو آپ کچھ Incentives دیں، کچھ مراعات دیں تو میرے خیال میں جہاں آپ کے پاس ٹورازم ہے، جہاں آپ کے پاس Minerals ہیں، جہاں آپ کے پاس فارسٹ ہیں، جہاں آپ کے پاس پانی ہے، جہاں آپ کے پاس ہائیڈل پوٹینشل ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسی کوئی چیز نہیں ہے کہ اس صوبے میں ہمارے پاس کسی چیز کی کمی ہے، اگر کمی ہے تو وہ ایک Planning کی کمی ہے کہ ہم صحیح سمت کی طرف Planning نہیں کر رہے ہیں، اگر آپ نے صحیح سمت کی طرف Planning کی تو میں یہ یقین سے کہہ سکتا ہوں، میں نے اس دن بھی اپنی تقریر میں، میں زیادہ وقت نہیں لوں گا، لیکن اس دن بھی میں نے عرض کیا تھا کہ آپ دیکھیں کہ 1973 میں مرکز نے ہمارے تمام سوشل سیکٹرز جو کہ وہ آپکے صوبائی معاملات ہیں، آپ کی ایجوکیشن ہے، آپ کا پبلک ہیلتھ ہے، آپ کے ایگریکلچرز ہیں، وہ انہوں نے تمام صوبوں سے دس سال کے لئے فیڈرل لیجیسلیٹیو لسٹ میں ڈالے ہوئے تھے اور اس میں ان کا راز یہ پوشیدہ تھا کہ یہ سوشل سیکٹرز پہ جتنا پیسہ مرکز کو ڈونرا یجنسیز کی طرف سے مل رہا ہے، جناب والا! میں آخری بات، جتنا پیسہ آپکو ڈونرا یجنسیز کی طرف سے مل رہا ہے تو وہ تمام پیسہ جو ہے وہ مرکز کی طرف Divert ہو رہا ہے، اگر یہ آپ کے صوبائی سبجکٹس ہوتے، دس سال کے لئے انہوں نے آپ سے لئے تھے، وہ 1983 میں یہ تمام سوشل سیکٹرز جو تھے، یہ صوبوں کو واپس کر دینے چاہئیے تھے، لیکن تیس سال گزرنے کے باوجود بھی آج تک کسی نے یہ آواز نہیں اٹھائی کہ سوشل سیکٹرز میں آپ اپنے سکالرشپ کو دیکھیں، آپ مرکز کے محتاج ہیں، ڈونرا یجنسیز جس مد میں پیسہ دینا چاہے، وہ تمام پیسہ Divert ہو رہا ہے

مرکز کی طرف، ہم مرکز کے خلاف نہیں ہیں، لیکن پھر بھی ہم یہ چاہیں گے کہ جو حقوق ہمارے ہیں وہ ہمیں کم از کم ملنے چاہئیے، میں جناب والا! اگر بجٹ پہ بات ہوتی تو میں شاید تین گھنٹے بھی تقریر کرتا، لیکن مجھے یہ اندازہ ہے کہ میرے علاوہ بھی میرے کچھ اور دوست بھی اس پہ بات کریں گے، لیکن مجھے ان سے یہ توقع ہے کہ جو حقوق ہمارے ہیں، ان پہ کم از کم یہ زور دیں اور انشاءاللہ العزیز ہم آپکا ساتھ دیں گے۔

Mr. Speaker: Thank you.

(تالیاں)

جناب سپیکر: سید مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: شکریہ جناب سپیکر، جناب سپیکر صاحب! آج کی جو بحث ہے بجٹ پر، تو مجھے افسوس سے یہ بات کہنا پڑتی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بجٹ پہ Annual development programmed اور پراونشل فنانس کمیشن، اور میرے خیال میں انور کمال خان نے تو اس کے ساتھ Net profit بھی Club کیا تو، اگر آپ اتفاق کرتے ہیں تو میرے خیال میں اس کو بھی شامل کر لیں۔

سید مرید کاظم شاہ: نہیں سر، یہ نہیں ہوتا، بات یہ ہے کہ ہماری صوبائی اسمبلی کے جتنے ممبرز صاحبان بیٹھے ہیں، میرے خیال میں یہ تمام میرے ساتھ متفق ہونگے کہ آج تک کسی کو بھی ADP کے حوالے سے اعتماد میں نہیں لیا گیا، جبکہ ہمارے صوبے کی یہ روایت ہے Through out یہ آرہا ہے کہ اس کے لئے ہر District wise میٹنگ ہوتی ہیں، جو سیکرٹری P&D کے دفتر میں ہوا کرتی تھیں، جس میں صوبائی اسمبلی کا ہر ممبر اپنے علاقے کے مسائل کے متعلق بتاتا تھا اور اس پر ADP بنائی جاتی تھی، لیکن افسوس کی بات ہے کہ اب جب مئی کا مہینہ شروع ہو چکا ہے اور جون کا بجٹ اجلاس آنے والا ہے، آج تک کسی ممبر کو یہ پتہ نہیں کہ میرے حلقے میں کیا ہو رہا ہے، کیا ہونا ہے، کسی نے ہم سے آج تک ہماری Demand نہیں پوچھی تو یہ افسوس کی بات ہے تو میں صوبائی حکومت سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ مہربانی کرے، کیونکہ آج ہم جب دفتروں میں جاتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ پراونشل ADP میں کیا ہو رہا ہے تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہمارے پاس بغیر Directives اور کوئی چیز نہیں ہے، سر! بات یہ ہے کہ ضرور ہر گورنمنٹ میں Directives ہوتے ہیں، C M جاتا ہے اور اس علاقے سے Directives آتے ہیں، یہ انکا استحقاق

ہے، ہونے چاہئیں، لیکن اگر صرف Directives پر ADP بنائی جائے گی اور جن جن حلقوں میں جناب سی ایم صاحب نہیں جائیں گے تو ان حلقوں پر کیا اثر ہوگا؟ تو میں آپ سے یہ گزارش کرتا ہوں، جناب والا! کہ جس طرح ہمیں وزیر اعلیٰ صاحب نے اور سراج الحق صاحب نے یہ کہا ہوا ہے، کیونکہ وہ ہمارے فنانس منسٹر ہیں، بجٹ تو انہوں نے ہمیں دینا ہے، پیسے تو انہوں نے دینے ہیں تو انہوں نے وعدہ کیا ہوا ہے کہ پورے علاقے کو ہر ممبر کو اس کے علاقے کے مسائل کے مطابق Accommodate کیا جائے گا، کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی تو میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جو بجٹ Directives پر بن رہا ہے، اس کو روکا جائے اور ہر حلقے اور ڈسٹرکٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق، اسکی ضروریات کے مطابق یہ بجٹ بنایا جائے، جناب والا! Directives جہاں شروع ہوتے ہیں، حیران کن بات ہے، کیونکہ اگر ہم Directives کو جمع کریں تو ایک ڈویژن میں یا ایک ڈسٹرکٹ میں جتنے اعلانات ہو رہے ہیں، میرے خیال میں ہمارے صوبے کا پورا بجٹ ایک ہی ضلع پر خرچ ہوگا باقی پورا صوبہ اسی طرح رہ جائے گا تو میں یہ ریکویسٹ کروں گا کہ اس پر پرانی روایات کو جو صوبہ سرحد میں آرہی ہیں کہ ہر حلقے کی طرف سے ہر ضلع کی علیحٰدہ میٹنگ بلائی جائے اور اس میں بجٹ بنایا جائے تاکہ کسی کو محرومی کا احساس نہ ہو، دوسری بات جناب تعمیر سرحد پروگرام، ہمارے منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، میں تو اس کو مذاق سمجھ رہا ہوں، کیونکہ اس کو انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ Lapsable Fund ہے، مئی شروع ہے، جون کا ایک مہینہ رہتا ہے، ابھی تک کسی کی ADP مکمل نہیں ہوئی، کسی کی سکیم کی Approval نہیں ہوئی کوئی بھی PC1 بنا نہیں ہے تو سر، جب یہ PC1 بنا ہی نہیں ہے تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ جون تک سکیمیں کیسے Complete ہونگی؟ کیونکہ یہ پورے ہاؤس کا معاملہ ہے، اس پر آپ کو بحث کرنی چاہئیے، پہلے تو گورنمنٹ یہ Surety دے کہ یہ پیسہ Lapse نہیں ہوگا، تب تو یہ ممبران صاحبان کو فائدہ ہوگا نہیں تو یہ بالکل ایک مذاق بنا ہوا ہے جیسا کہ ہمیں مذاق کے طور پر پچاس پچاس لاکھ روپیہ دے کر خوش کر دیا گیا ہے، اصل دینے کا مقصد نہیں ہے تو اس پر آپ مہربانی کریں کہ ایک طریقہ بنائیں، کیونکہ ابھی ADP بنے گا، PC1 بنے گا، پھر اخبار کو جائے گا، ٹینڈر ہوگا، اس ٹینڈر میں کچھ ٹائم لگے گا تو اس کے آتے آتے میرے خیال میں جون جو ہوگا، وہ ختم ہو جائے گا تو اس پر میری یہ چند تجویزیں ہیں تو اس پر ایک تو یہ کہ Laps نہ ہو یا پھر فوری طور پر ڈسٹرکٹ کو ایم پی ایز کو اختیارات دیئے جائیں کہ وہ اپنے

حلقے میں جائیں، اپنے حلقوں میں، سی ایم فوری منظوری دے (تالیاں) اپنے حلقے میں جائیں اور اپنے حلقے میں پرانے طریقے سے اس سال کے لئے یا وہی جو پرانا سسٹم تھا کہ ٹھیکیدار اس کا ہیڈ ہو اور ایک کمیٹی بنادی جائے تاکہ فوری کام شروع ہو جائے، اگر اس طرح نہ ہوا تو یہ پیسے Laps ہو جائیں گے تو میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کے لئے ایک واضح پالیسی بنائی جائے تاکہ ہمارا یہ پیسہ ضائع نہ ہو، دوسرا، سر! اس میں ایک اہم بات ہے کہ جب ٹینڈر ہونگے تو ہمارے علاقے میں آج کل جو رواج چل رہا ہے 20% 30% 50% ٹینڈر Below ہو جاتے ہیں، جس سے Quality صحیح نہیں بنتی تو جو Saving ہے، اس سے بہت Saving ہوتی ہے، پہلے تو یہ بھی فیصلہ کیا جائے کہ، جس ایم پی ایز کی Saving جتنی ہو گی، اسی کی Constituency میں خرچ ہو گی، یہ پیسہ گورنمنٹ کو واپس نہیں ہو گا، Lapse نہیں ہو گا، یہی چند گزارشات ہیں، میں امید کرتا ہوں، اس حکومت سے کہ وہ بجٹ میں بھی ایم پی ایز کو شامل کریں گے، یہ اپوزیشن کا معاملہ نہیں ہے، اس میں میرے خیال میں میرے جتنے بھائی بیٹھے ہیں، ہر آدمی کو جناب والا، یہی شکایت ہو گی کہ کسی کو یہ پتہ نہیں ہے کہ اس کے حلقے میں کیا ہو رہا ہے، کیا ہو گا؟ کیونکہ اگر یہ ہوا تو یہ ایک بڑی زیادتی ہو گی، کیونکہ اگر کسی کا سحر وزیر اعلیٰ پر نہیں ہے تو وہ بالکل الگ رہ جائے گا اور جس کا سحر ہو گا تو وہ لوٹ کر چلا جائے گا، خدا حافظ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Thank you مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں آپکا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، بات ہو رہی ہے بجٹ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام، فنانس کمیشن اور تعمیر سرحد پروگرام کے بارے میں، جناب آگے بڑا مشکل وقت آنے والا ہے، ہماری صوبائی حکومت کے لئے، بجٹ کی تیاری واقعتاً ایک کٹھن اور مشکل مرحلہ ہوتا ہے اور خاص طور پر ایک ایسی حکومت کے لئے، جس نے اپنے منشور میں بہت زیادہ غریب لوگوں کے حقوق کی بات کی ہو اور ان کی ترقی اور خوشحالی کی بات کی ہو، ایسے حالات میں یہ کام واقعی ایک غریب صوبے کے لئے بڑا مشکل ہے، ہماری انشااللہ یہ کوشش ہو گی کہ ہم ہر مثبت تجویز سے گورنمنٹ کو نوازیں گے اور ایک ایسا بجٹ لانے کی کوشش کی جائے جو کہ صحیح معنوں میں عوامی بجٹ ہو،

عوام کی امنگوں کا ترجمان بجٹ ہواور جس میں عام آدمی کو ریلیف مہیا ہوسکے، جناب والا! ہماری Calculation تو یہ تھیں کہ صوبہ سرحد 15% بجٹ کا خود پورا کرسکتا ہے اور باقی رقم کے لئے مرکز کی طرف دیکھنا پڑتا ہے، انور کمال صاحب نے 10% کہا ہے، جو بھی صورتحال ہے واقعتاً بڑی ہی خطرناک اور قابل افسوس صورتحال ہے، پہلی بات تو یہ ہے کہ ہمیں اپنے صوبے کے ریونیو کو Generate کرنے کے لئے بڑے جراتمندانہ فیصلے کرنے ہونگے اور ایسے قابل عمل فیصلے، جس سے ریونیو بھی Generate ہو اور عام آدمی بھی اس کے زد میں نہ آئے اور متاثر نہ ہو، کیونکہ ہمارے ملک کے 60% لوگ خط افلاس سے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں اور خط افلاس کا مطلب کہ ان کے پاس کھانے کے لئے روٹی نہیں، پہننے کے لئے کپڑے نہیں اور They are shelter less people، اگر بجٹ میں کوئی ایسے اقدامات تجویز کردیئے گئے، جن سے براہ راست یہ 60% لوگ متاثر ہوئے تو یہ صورتحال بڑی ہی خطرناک ہوگی، دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت میں تعلقات کو بہتر بنانے کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ ہم بجٹ کا زیادہ حصہ مرکز سے لیتے ہیں اور اگر مرکز اور صوبے میں اچھے تعلقات نہ ہوئے تو اسکا براہ راست اثر صوبہ سرحد کے غریب عوام پر پڑے گا، سو میری صوبائی حکومت سے یہ گزارش ہے کہ بعض اوقات اس قسم کے بیانات آجاتے ہیں، جس سے صورتحال بہتری کے بجائے خرابی کی طرف جاتی ہے تو اس کو کنٹرول کیا جائے اور جہاں تک ہمارا تعلق ہے انشاللہ ہم اس میں Bridge کا رول Play کرنے کے لئے بالکل تیار ہیں، اپنے صوبے کے عوام کے مفاد کو مد نظر رکھتے ہوئے، جناب والا! ہمارے صوبے میں Potential بہت ہے، صرف اس کے لئے شرط نیت اور سمت کی ہے کہ نیت درست ہو، سمت ٹھیک ہو تو Sick industry کی Revival سے، Minerals ہیں، Forest ہے، Hydel potential ہے صوبہ میں اور ٹورازم ہے، اگر ان میں اصلاحات کردی جائیں تو اس سے نہ صرف یہ کہ بجٹ پر خوشگوار اثرات پڑیں گے، بلکہ روزگار کے مواقع بھی نکلیں گے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ بجٹ وہی اچھا ہے، جس میں عام غریب لوگوں کو ریلیف ملے اور ان کے روزگار کی Opportunities وہ بجٹ پیدا کرسکے، اس کے علاوہ جناب والا! تعمیر سرحد پروگرام کے ضمن میں مرید کاظم صاحب نے بہت اچھی بات کی ہے اور وہ بات سارے ہاؤس کی ترجمانی کررہی تھی کہ اس Process کو Expedite کیا جائے اور یہ

تسلی دی جائے کہ یہ رقم جو ہے، Lapse نہیں ہو گی، ہمیں ایک فہرست ملی تھی، ان سکیموں کو Identify کرنے کے لئے اور اس میں یہ قید تھی کہ یہ یہ چیزیں آپ کر سکتے ہیں اور یہ یہ آپ نہیں کر سکتے، میری یہ پر زور گزارش ہے کہ اس میں بعض علاقوں میں Graveyards کا سخت مسئلہ ہے، شہروں میں تو یہ زیادہ ہی سنگین ہے اور ہمارے اوپر یہ قدغن ہے کہ ہم Graveyards اس رقم سے Buy نہیں کر سکتے، کمیونٹی سنٹرز، Playgrounds ہم اس میں سے تعمیر نہیں کر سکتے اور خرید نہیں سکتے، میری یہ گزارش ہے، یہاں وزیر بلدیات بیٹھے ہوئے ہیں کہ تعمیر سرحد پروگرام کے اندر، چونکہ ہر حکومت کی، میں تو اسے ایک بات ہی کہوں گا کہ یہ ہوتا ہے کہ ایسے Projects identify کئے جائیں، جو نظر آسکیں لوگوں کو، میں سمجھتا ہوں Graveyards سے بڑا Project کونسا ہو گا، جو لوگوں کو نظر نہیں آئے گا؟ یا Play grounds سے بڑا Project کونسا ہو گا جو لوگوں کو نظر نہیں آئے گا؟ گلیاں سڑکیں تو ڈسٹرکٹ گورنمنٹ بھی بنا رہی ہے اور ہم بھی بناتے رہیں گے، لیکن یہ وہ بڑے Projects ہیں، جو ہمیشہ نظر آنے والے ہیں اور غریب لوگوں کے لئے قبرستان سے بڑی بات ہو ہی نہیں سکتی، میں اپنے حلقے کی بات کر رہا ہوں جناب، کہ دو تین واقعات ایسے ہوئے کہ لوگوں کی کھدی ہوئی قبریں لوگوں نے آکر بند کر دیں، انہوں نے کہا کہ یہ ہمارا قبرستان ہے، آپ اپنی لاش کو کہیں اور لے جائیں، اس لئے میری یہ گزارش ہو گی کہ قبرستان کی خریداری کی اجازت دی جائے اور کمیونٹی سنٹرز، اب شہروں میں جگہیں نہیں ہیں، بعض ایسے ایریاز ہیں کہ لوگوں کو اپنی سماجی تقریبات کے لئے جگہ میسر نہیں ہے اور بڑی بڑی جگہیں Rent out کرنا غریب آدمی کے بس کی بات نہیں ہے، اس لئے اگر کسی جگہ پہ زمین دستیاب ہے تھوڑی بہت، کنال، آدھا کنال گورنمنٹ کی اور کوئی ایم پی اے اس پہ اپنے ایریا کے لئے کمیونٹی ہال بنانا چاہتا ہے تو اس کی اجازت بھی اسمیں ہونی چاہیئے، تیسری بات میں یہ گزارش کروں گا کہ، چونکہ ہمارے ملک میں کمیشن مافیا کا راج ہے اور جو بھی منصوبہ آپ اگر ایک کروڑ کا دیتے ہیں تو اس میں موقع پہ تو ان سے 10% کمیشن نکل جاتا ہے اور پتہ نہیں 5% کس کا اور کچھ ٹھیکیدار کا تو پچاس یا ساٹھ فیصد سے زیادہ رقم موقع پہ نہیں لگتی اور اسی اجلاس میں ورکس اینڈ سروسز کے حوالے سے یہاں باتیں ہوئی ہیں کہ چھ چھ مہینے کے اندر کے منصوبے آج نظر نہیں آرہے یا جو سڑکیں تعمیر ہوئیں، اس پانچ چھ مہینے کے عرصے میں وہ موہنجوداڑو روڈز کا منظر پیش

کررہی ہیں، میری یہ گزارش ہے کہ یہ رقم جو ہے یہ پراجیکٹ کمیٹیز کے ذریعے اگر خرچ کرنے کی اجازت دی جائے اوران کے اوپر ایک زبردست قسم کا چیک بھی ہو، کیونکہ ماضی میں ایک غلط روایت نے بھی جنم لیا تھا، انہی پراجیکٹ کمیٹیز کے ذریعے کہ ایم پی ایز، ایم این ایزاپنی مرضی کے لوگ لگا کران میں خود ہی شراکت دار بن گئے تھے، اگر ایک ایسی کمیٹی فارم کرکے اس کا مثبت حل تلاش کیا جاسکے اور اس کے اوپر چیک ہو تو اس کمیشن کا خاتمہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ یہ کام پراجیکٹ کمیٹیز کے ذریعے ہوں، جس علاقے میں ہوں، اس علاقے کے معززین جو ہیں جوڈیشری سے متعلق لوگ، مسجد کے امام یااس علاقے کے اور جو معززین ہیں، اگران کے ذریعے یہ رقم وہاں خرچ کی جائے تو میں نہیں سمجھتا کہ کوئی بھی اس کے اندر کرپشن کی جرآت کرے گااور کم پیسوں کے اندر زیادہ سے زیادہ کام ممکن ہو سکے گا، میں آپ کا شکر گزار ہوں سر۔

جناب سپیکر: Thank you سکندر خان شیر پاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان: شکریہ جناب سپیکر! نن سپیکر صاحب، دا کوم موضوع باندې بحث کیږي لګیا دے بجټ او تعمیر سرحد پروګرام، خاص کر بیا Annual Development Programme دا ډیر یو اهم Stage دے ، مخکښې بجټ رارو ان دے ، ګورنمنټ به د هغې تیارولو کښې اوس دغه به کوی، خو جناب سپیکر! نن که تاسو اوګورئ چې ADP جوړیږی نو نن پورے ټول د اسمبلئ ممبران اعتماد کښې اغستلے کیدل، د هغې وجه دا وه، مرید کاظم صاحب هم په دے باندې خبره اوکړه زما نورو ملګرو هم په دے باندې خبره اوکړه، د هغې وجه دا وه چې دا هاؤس چې دے ، دا ټوله صوبه Represent کوی، یو قسمه دلته کښې چې مونږه راغلے یو خپل هر یو حلقه، هر یو ډسټرکټ، هر یو ډویژن دلته کښې مونږه Represent کوؤ لګیا یو، او مونږه ته خپل حلقو ، دخپل ډسټرکټس ، دخپل ډویژن مسائل معلوم دی، ننه پورے چې ADP کښې ممبران به ئ چې Consult کول، دهغوی نه به ئے تجاویز اغستل، د هغې به دا مقصد وو چې Annual Development Programe چې کوم جوړیږی، چې کوم یو صوبے له دیوکال د پاره به د ډیویلپمنټ په مد کښې یو Direction ورکوی چې هغې کښې ټولے صوبے د خلقو یو قسمه نمائندګی اوشی، د ټولے صوبے د خلقو

مسائل مخامخ راشی او دهغې مطابق حکومت چې دے یو دغه جوړ کړی، نن زهٔ ډیر د افسوس سره خبره کومه چې موجوده حکومت دعوے خو ډیرے کوی چې دوئ به د ټولے صوبے د ترقئ د پاره کار کوی، دوئ به ټول خلق ځان سره یو ځائے بوځی خو چې کله د ADP خبره راځی نو هغې کښې کیدے شی صرف دغه سائیډ بینچز دوئ ته د صوبے حصه ښکاری او دا سائیډ د بینچز چې دی، دا ورته جوړے د صوبے حصه نه ښکاری، (تالیاں) نن جناب سپیکر! ADP که جوړیږی نو هیڅ چاته پکښې دغه نیشته، زما خو دا خیال دے چې د هغې سائیډ ټریژری بینچز هم چې کوم ممبران ناست دی، زیات تر به پکښې محرومه ناست وی چې بهئی څنګه ADP دغه کیږی لګیا ده، جناب سپیکر! ټهیک ده په دے حکومت کښې نوئے خلق راغلی دی، د دوئ اولنے ځل دے خو جناب سپیکر! دوئ ته پکار دی چې په ماضی کښې چې کوم ښه کارونه شوی وی، کوم یو صحیح دغه سره یو دغه روان شوے دے چې هغې طرف ته لږ توجه ورکړی، کیدے شی دوئ Inexperienced وی، کیدے شی نو ر هم دلته کښې خلق Inexperienced دغه وی خو جناب سپیکر، پکار دا دی چې دوئ د د ماضی نه لږ پکښې دغه واخلی او څنګه چې مخکښې به Pre ADP sessions کیدل، Acsسره به Meetings کیدل، سیکرټری پی اینډ ډی سره به Meetings کیدل، هغه شانتے د یو بیا دغه اوکړی، دا زمونږ د دې صوبے یو ښه روایت دے ، مونږه چې دا کوشش اوکړؤ چې د Treasury benches او Opposition benches دواړه یو ځائے روان کړؤ، نو هغې سره زمونږ د دې صوبے کوم یو روایت چې دے ، هغه به هم قائم پاتے شی، بل ورسره ورسره نن جناب سپیکر! چې دوئ بجټ جوړه وی نو که تاسو اوګورئ Foreign investment، Donor investment چې دے ، هغه ټول Dry up شوی دی، دا به Donor investment او هغوی ته به هم یو ښه دغه ملاویږی، یو Message به ورکړے کیږی چې یره د دې صوبے دا حکومت چې دے ، دا نوئے خلق راغلی دی خو دادے چې دوئ دا غواړی چې دا ټوله صوبه په یو صحیح Direction کښې بوځی، یو صحیح Message دغه ورکړی، نو پکار دا ده چې دوئ دا صحیح اقدامات او دغه اوکړی، جناب سپیکر! ورسره ورسره دتعمیر سرحد باندې مخدوم صاحب هم

خبره اوکړله، تقریباً میاشته نیمه شوې ده چې ممبرانو ته دا دغه شوې دې، چې تعمیر سرحد پروګرام کښې هر ایم پی اے ته فنډز ملاو شوی دی، خو ننه پورې که تاسو که د Treasury benches ایم پی ایز نه تپوس اوکړئ او که دې سائیډ بینچز نه هم تپوس اوکړئ، طریقه کار نه پورا څوک نه دی واقف، نه هغه سسټم صحیح مخامخ راځی لګیا دې، چې کوم طریقې سره دوئ دا دغه کول غواړی اوورسره ورسره دا دې جون تقریباً راغلې دې، نن تاسو سوچ اوکړئ چې نن دا سکیمونه لاړشی او پکښې چې کوم طریقه کار دوئ واضح کړې دې، چې دا به ځی د چیف منسټر صاحب Approval د پاره نو کم از کم زما خو دا خیال دې چې کوم د فائلونو طریقه کار دې او کوم دغه دې نو میاشت نیمه خو په دی کښې به تیره شی، (تالیاں) د جون نه پس به چرته Approval راشی، هغه وخت کښې به بیا وزیر بلدیات صاحب وائی چې جی دا فنډ چې دې، Lapse شوې دې او بس تاسو چې دې، هغه چې کوم وو، هغه خپل حلقې عوامو ته موڅه رنګ چې کومې وعدې کړې وې، کوم دغه کړې وو، هغه ټولې هیرې کړئ جناب سپیکر! نن یو ډیر اهم موړ دې، د دې حکومت د پاره ځکه چې بجټ رارواں دې، نن دوئ د دې صوبې د ترقئی د پاره اقدامات اوچتوی، دوئ ته دا موقع ملاو شوې ده، نن دوئ دا صوبه په صحیح لارې باندې رانیولې شی، ننه پورې به دوئ دا د Treasury benches بعض ملګرو به دا دغه وو، چې دوئ ته اوسه پورې موقع نه ده ملاو شوې، نن د دې صوبې عوامو دوئ له دا موقع ورکړې ده، اوس مونږه ورسره یو جناب سپیکر، خو جناب سپیکر! مونږه دا غواړو چې دا صوبه اوس دوئ په صحیح لارې باندې روانه کړی، داسې نه چې سحر له دا څلور، پینځه کاله چې دی دا یو دغه کښې تیر یږی جناب سپیکر! چې سحر له بیا الیکشن راځی او بیا دوئ وائی چې نه دا زمونږ سره مرکز زیاتې کولو، مونږ سره دا مسائل وو، زمونږه دا مسائل وو او مونږه دغه نه شوکولې، دوئ ته یو Majority ملاو شوې ده نن جناب سپیکر (تالیاں) زهٔ د اپوزیشن د طرف نه دوئ ته دغه کومه (تالیاں) چې کوم صحیح اقدام دوئ اوچتوی، مونږه به دوئ سره بالکل دیکښې یو که د مرکز نه صوبائی حقوق دوئ غواړی، مونږه بالکل دوئ سره یو، که هغه په NFC باندې دوئ خبره کوی، مونږه بالکل دوئ

سره یو خو جناب سپیکر! دا د دوئ کار دے چې دوئ Initiative واخلی

(تالیاں) نن جناب سپیکر! دوئ ته دا موقع ملاو شوې ده، سحر له چې الیکشن راشی نو بیا به دوئ دا نه شی وائیلے چې مونږ ته اوسه پورے موقعه نه ده ملاو شوے ، نن دا ټائم دے جناب سپیکر!۔۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: ته زمونږه غم مه کوه ، خپل غم کوه۔

جناب سکندر حیات خان: مولانا صاحب مولانا صاحب، مونږه د ټولے صوبے غم کوؤ، تاسو کیدے شی د یو محدود شی غم کوئ، مونږه د ټولے صوبے دلته کښې غم کوؤ لګیا یو، مونږه دا غواړو چې دا صوبه د ترقئی په لاره روانه شی، مونږه دا غواړو چې د هر ډسټرکټ کښې ترقی اوشی، خو جناب سپیکر! نن پورے چې کومے مونږه کارکردګی اوکتله د دې حکومت، نن پورے چې کوم مونږه اقدامات اوکتل نو زهٔ ډیر افسوس سره وائم چې مونږه ته څه نه ښکاری، It is dark at the end of the tunnel there is no light.

جناب سپیکر! اوس هم دوئ سره ټائم شته، زما دوئ ته دا خواست دے چې نن هم Serious شی، کومے وعدے چې الیکشنو کښې تاسو کړے وی، په هغې باندې عمل اوکړئ، د دې صوبے ترقئی له کار اوکړئ، د صوبے تاسو باندې یو ډیر لوئے اعتماد کړے دے ، جناب سپیکر! دے اعتماد ته ټهیس اونه رسوئ که نه وی نو دا عوام بیا څوک نه معاف کوی، دا خلق چې دی دا بیا بل چاله چانس نه ورکوی، جناب سپیکر! زما دوئ ته دا خواست دے چې اوس هم دا کوشش د اوکړی دا صوبه د د ترقئی په لاره روانه کړی، مونږه ورسره یو، مونږ به هر دغه کښې دوئ سره یو ځائے دغه کوؤ، خو دا دے چې اقدام به دوئ اخلی، ډیره مهربانی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریه جناب سپیکر! دا نن چې کوم موضوع دے جناب سپیکر، "آنے والے بجٹ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے متعلق بحث اور تعمیر سرحد پروگرام" جناب سپیکر، ماته مخکښې مرید کاظم صاحب، انور کمال صاحب او سکندر شیرپاؤ

صاحب دے باندې پورا بحث مباحثه اوکړله، حقیقت دا دے چې نن 6 مئی دے او بجټ راروان دے، دے ایوان کښې مونږ ته وائیلے شوے وو چې DDC یوه کمیټی جوړه شوې ده، چې هغه به مشاورت اخلی او هغه به بجټ جوړه وی، هغه مونږ نمائندګان یو د حلقو، مونږه خلقو سر هلته چې الیکشن موکولو نو وعدے کړے وی چې کله مونږه پاس شو، حکومت ته لاړ شو، هلته اسمبلئی کښې کینو نو مونږ به دا آواز اوچتوو چې ستاسو کومے مسئلے دی، هغه به تاسو ته ان شاالله تعالی مخکښې ترقیاتی پروګرام کښې آچوو جناب والا! DDC یو ډسترکټ کمیټی جوړه شوی ده، زۀ د خپلے ضلع اوسیدونکے یمه، زما ضلع کښې Meeting شوے دے، ماته معلومات هم نیشته، ماته دا پته هم نیشته چې زما په ضلع کښې د خلقو څه ضروریات دی او هغه څه آچوی، حقیقت خو دا دے چې دا مئی دے، دا بجټ راروان دے، مونږ ته خو نن مهربانئی سره دا اوئیلے شی چې، دا په DDC باندې زما اعتراض نیشته، دا یوه ښه کمیټی ده، ډیره ښه خبره ده خو کم از کم مشاورت خو د اخلی، هلته دے کښینی خو هلته د مونږ نه دا پښتنه کوی چې دا DDC نمائنده یو پراونشل اسمبلئی ممبر هم کیدے شی، هلته کښې د DDC نمائنده چې کښینی، ایم این اے هم کیدې شی، ډسترکټ ناظم هم کیدے شی، دا ایوان کښې وائیلے شوې وو چې مشاورت به اغستے شی خو پخپله، زما رونړه دا هم ناست دی، دا ټول ناست دی، مونږ نه څه مشاورت نه دے اغستلے شوې، نو زۀ دے ایوان کښې دا وائمه چې الله د اوکړی چې د 2003-2004 چې کوم پروګرام راروان دے، مونږ چې په کوم طرف روان یو، هلته مونږ د خلقو سره وعدے کوؤ چې ان شاالله تعالی وخت چې راځی، ستاسو به د اوبو کمے به پورا کوؤ، وخت چې راځی ستاسو د ډسترکټ کمے به پورا کوؤ، وخت چې راځی تاسو له به دا کوؤ، تاسو له به دا کوؤ، خو مونږ ته معلومات نشته، *بلدیاتی وزیر بھی بیٹھے ہوئے ہیں، سراج الحق صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، چاہیئے تو یہ کہ ہر ضلع کی DDC کی کمیٹی میں جب بھی میٹنگ ہو تو مل بیٹھ کر ضلعی ترقیاتی پروگرام پہ* Coming ADP *میں جو بجٹ بنایا جاتا ہے، اس میں مشاورت لی جائے اور دوسری بات ہے، تعمیر سرحد پروگرام جناب والا!* مارچ میاشت کښې دے ایوان ته او هر ممبر ته وائیلے شوې وو، چې تعمیر سرحد پروګرام راروان دے، هلته کښې تاسو به دا پروګرام مخکښې چلوئ، زۀ خو

پخپله نه وایمه چې ما خو اعلانات هم کړی دی، هلته لا ړم جلسے موهم کړی دی، اور میں نے یہ بھی کہاہے کہ یہ سڑکیں شروع ہوں گی، یہ گلیاں شروع ہوں گی اور یہ ٹیوب ویل بھی لگائیں گے (قہقہے اور تالیاں) اگر خدانخواستہ وزیر بلدیات کے لیٹر کو میں نے دیکھاہے، اس میں انہوں نے لکھا کہ یہ فنڈ اگر 30 جون تک ختم نہیں ہوا تو یہ Lapse ہو جائے گا، میں ان کو عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج 6 مئی ہے، پندرہ دن تو ٹینڈر میں لگتے ہیں، اس کے بعد کہیں کنٹریکٹر آئے گا اور اس صوبے میں ایک سو چوبیس ممبران ہیں اور اس پر چونسٹھ 64 کروڑ روپے لگیں گے، میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ چونسٹھ کروڑ روپے کونسا Honest کنٹریکٹر ہو گا اور کونسی Quality control ہو گی، کوئی اتنا جلدی ان کو ایک مہینے میں Complete بھی کرلے اور 30 جون تک یہ کام پایہ تکمیل کو بھی پہنچے اور اچھی کوالٹی کا بھی ہو، میرے خیال میں یہ ناممکنات میں سے ہے، کیونکہ میں اسی برادری سے تعلق رکھتا ہوں، میرے ساتھ سراج الحق صاحب ایک دن گاڑی میں بیٹھ کر آرہے تھے اور مجھے کہہ رہے تھے کہ میاں صاحب کوشش کرنی ہے کہ اس معاشرے سے کمیشن مافیا کو ختم کرنا ہے، جناب والا! اگر ہم مارچ کا کام مئی میں شروع کریں اور جون تک اس کو Complete کریں تو میرے خیال میں یہ چونسٹھ کروڑ روپے ہم کمیشن مافیا کو اپنے ہاتھوں سے دے رہے ہیں، اس لئے دے رہے ہیں کہ وہ جس طرح بھی چاہئیے اور جیسے بھی چاہئیے، اس کے کام کریں، کیونکہ ایم پی اے تو یہ چاہئیے گا کہ اس نے اعلان کیا تھا، کم از کم کوالٹی اگر اچھی بھی نہ ہو مگر اس کا کام تو ہو جائے تو میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جتنی جلد ہو، جیسے ہو، یہ پہلا تعمیر سرحد پروگرام ہے، جس میں سارے ایم پی اے حضرات کی عزت بھی Involve ہے اور ان کے علاقے کے مسائل بھی ہیں اور دوسری بات، سکندر شیر پاؤ صاحب بھی ادھر بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہم کہتے ہیں کہ ہم ایک طرح سے سوچیں گے، اس صوبے کے لئے، انور کمال صاحب نے بھی کہا، بشیر بلور صاحب بھی یہ کہتے ہیں کہ ہماری اس صوبے کے لئے ایک سوچ ہے، آو مل بیٹھ کر، ہم کتنے بدقسمت ہیں کہ ہماری بجلی بھی ادھر ہے، ہمارے وسائل بھی ادھر ہیں، لیکن میں تو ایم پی اے ہو کر یہ کہہ سکتا ہوں کہ میں حلقے میں ایک کھمبا بھی نہیں لگا سکتا تو آئیں مل بیٹھ کر ایک آواز اٹھائیں کہ بجلی کے جو ہمارے وسائل اس صوبے کے ہیں، انہیں کس طرح صوبے کیلئے نکالیں، اس میں ہم خاص کر آفتاب احمد خان شیر پاؤ صاحب سے توقع کرتے ہیں کہ وہ ہمارے صوبے کے لئے اب کہتے ہیں کہ چھ ارب روپے میں دو ارب روپے ملنے والے ہیں، ہم تو ان سے یہ امید

رکھیں گے کہ، اگر چھ نہ ہوں تو کم از کم چار ارب تو ملیں گے کہ کم از کم اس علاقے کے، کم از کم جتنے بھی مسائل ہوں وہ حل ہو جائیں، تھینک یو ویری مچ جی، بہت بہت شکریہ۔ (تالیاں)

(تالیاں)

جناب سپیکر: سردار ادریس صاحب۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

جناب زر گل خان: ما خو هم نوم ليکلے وو جی۔

آوازیں: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: میری بات سنیں، میری بات سنیں، میں تھوڑا سا، ان کو جانا ہے، تھوڑا سا (شور) آپ چیئر کی بات سن رہے ہیں یا نہیں۔

جناب اسرار اللہ خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے؟ سردار صاحب پہلے مجھے اس قاعدے کا حوالہ دے دیں، جس کے خلاف۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ پہلے اپوزیشن والے اپنے خدشات کا اظہار کر لیں، اس کے بعد ٹریژری بنچز سے آواز اٹھے، وہ ان خدشات کا جواب دیں، یہ نہیں ہے کہ ابھی سے یہی ٹریژری بنچز سے آوازیں اٹھنا شروع ہو جائیں۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ ایسا کریں، ان کو یہ حق حاصل ہے کہ یہ Winding up speech جو ہے، وہ سراج الحق صاحب بعد میں کریں گے، میں آپکو پورا پورا، جو بھی کوئی کہنا چاہتا ہے، لیکن ان کو کہیں پے جانا ہے، کچھ ایسے نکات اٹھائے گئے ہیں جو کہ وہ جواب دینا چاہتے ہیں، ورنہ میں نے تو یہ کہہ دیا کہ بھئی آپ نوٹس لے لیں، بعد میں جواب دیں گے، سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ معزز اراکین اسمبلی نے بڑے اچھے انداز سے بڑے مثبت طریقے سے یہاں پر نکات اٹھائے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جن جذبات کا اظہار اپوزیشن بنچز

کی طرف سے آرہاہے، یہ انتہائی قابل ستائش ہے اور ہم اس کو بہ نظر تحسین دیکھتے ہیں، جہاں تک تعمیر سرحد پروگرام کا تعلق ہے، اس سلسلے میں آپ کو واضح یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ، چونکہ جس طرح سے میاں نثار گل صاحب کہہ رہے ہیں کہ یہ پروگرام جلدی ختم ہو جائے گا، ایسی بات نہیں ہے، یہ فنڈز Lapse نہیں ہوں گے، لیکن افسوس کے ساتھ یہ بات بھی کہنی پڑرہی ہے کہ اس کو اعلان کئے ہوئے اتنا عرصہ گزر گیا ہے، ممبران اسمبلی کی عدم توجہی کے باعث اب تک بیس، تیس ہمارے پاس آئے، میری آپ سے، میں تھوڑا سا اس کے لئے پروسیجر ایک دفعہ پھر آپ سب پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ آپ سب سے گزارش ہے کہ جتنی بھی جلدی ہو سکے، پچاس لاکھ کی جو سکیمیں ہیں، وہ لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں جمع کروادیں، میرے پاس جمع کرا دیں، لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں جمع کرا دیں اور اس کے بعد یہاں پر Simultaneously یعنی کہ بیک وقت ہم وہ متعلقہ صوبائی محکمے کو بھیج دیں گے، جہاں پر اس کی فیز یبلٹی رپورٹ Estimates یا پی سی ون بنے گا اور اسی وقت ہم ایک ہفتے کے اندر اندر وزیر اعلیٰ صاحب سے Approval لے لیں گے، اس کے لئے کوئی وقت کا ضیاع نہیں ہو گا انشاء اللہ اور اس میں کوئی زیادہ ٹائم بھی نہیں لگے گا، میں سمجھتا ہوں کہ کچھ Misunderstanding تھی، کچھ پوائنٹس Proper طریقے سے Elaborate نہیں کئے گئے تھے، اس وجہ سے، شاید اس میں ہماری اپنی غلطی ہے یا کچھ اس طرح، لیکن ہم نے کوشش کی ہے کہ سب کو لیٹرز لکھیں کہ اس کے بارے میں Proper طریقے سے سب کو معلوم ہو، بہت سے ہمارے دوستوں نے جمع بھی کروادیئے ہیں اور ہم ہر ہفتے میں اس کے لئے جو ہماری یہاں پر سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ ہے، جس کو میں Preside کرتا ہوں اور جتنے بھی Applications آتی ہیں ان کا ہم جائزہ لیتے ہیں اور پھر اس کو ہم وزیر اعلیٰ کے پاس اسی وقت یعنی Bay hand کام ہو گا، یہ فائل ورک میں ٹائم ضائع نہیں ہو گا، اس کے لئے ایک اور محکمہ بھی Director General Monitoring & Execution Development بھی ہو گا، جس کو وہ Proper طریقے سے Monitor کرے گا اور ہماری یہ کوشش ہو گی کہ یہاں پر کوئی وقت ضائع کئے بغیر پبلک فنڈز کا بھی ضیاع نہ ہو، پھر جب یہ DDC کے اندر اس کی صرف Technical Approval ہو گی، وہاں پر DDC کے اندر کوئی اس میں وہاں پر ان کو کوئی اختیار نہیں ہو گا کہ آپ کا دیا ہوا پروگرام وہاں پر Reject ہو جائے، لیکن کم از کم اتنا ضرور

ہو گا کہ وہاں پر دیکھیں کہ ایسا تو نہیں ہے کہ وہ ADP میں کہیں پہلے رکھا ہوا ہے یا کوئی Ongoing scheme ہے یا وہاں پر ڈبل پیسہ جا رہا ہے، اس چیز کو یقینی بنانے کے لئے وہاں سے ہو گا، لیکن ہم بحیثیت مجموعی، صوبائی اسمبلی کے ممبر کو اپنے اس تمام پروگرام کی نگرانی کرنے کا اختیار ہو گا اور جب تک کہ وہ لکھ کر نہیں دے گا تو فائنل Payment ٹھیکیدار کو نہیں Issue کی جائیگی، اس کے ساتھ ساتھ معزز کچھ دوستوں نے یہاں پر یہ کہا ہے کہ Annual Development Programme کے اندر کسی کے ساتھ خط امتیاز کھینچا جا رہا ہے، لیکن ایسی کوئی بات نہیں ہے، وزیر اعلیٰ صاحب نے ابھی ہزارہ ڈویژن کا دورہ کیا، ہری پور کے یہاں پر ہمارے دوست بیٹھے ہوئے ہیں، ایبٹ آباد کے دوست بیٹھے ہوئے ہیں، وہ سب سے پہلے حزب اختلاف کے ہمارے (ق) لیگ سے تعلق رکھنے والے دوستوں کے پاس وہاں گئے، وہاں پر (ن) لیگ سے تعلق رکھنے والے دوستوں کے ہاں گئے، دوسرے ان کے پاس گئے اور انہوں نے مطالبات وہاں پر پیش کئے، ان کے وہاں پر انہوں نے Annual Development Programme کے اندر شامل کیا اور میں آپ کو یہ یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ انشاءاللہ تعالیٰ کوئی بھی ڈسٹرکٹ، کوئی بھی صوبائی اسمبلی کا ممبر اس سے محروم نہیں ہو گا، جب ہم سب کو سینے کے ساتھ لگانے کی بات کرتے ہیں تو اس پر عمل بھی کر رہے ہیں اور یہاں پر میرے دوست اس بات کے گواہ بھی ہیں اور یہاں پر، جس ڈسٹرکٹ کے اندر گئے، میاں نثار گل صاحب نے بھی کہا ہے اور انشاءاللہ تعالیٰ ہم اس پر عملی طور پر عمل پیرا بھی ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد ارشد خان</u>: پوائنٹ آف آرڈر، یوہ خبرہ جی پہ دے کبنې کوم۔

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی</u>: اس کے علاوہ، ایک سیکنڈ، قبرستان، کمیونٹی سنٹر اور پراجیکٹ کمیٹی، پراجیکٹ کمیٹی میں میرے خیال میں یہ اس پر کافی Discussion ہوئی ہے اور یہ آپ لوگ بھی کر لیجئے گا، جس طرح سے آپ سب، لیکن یہ نظر نہیں آئے گا اور خواہ مخواہ ہمارے ممبران اسمبلی پر ایک دھبہ سا لگے گا کہ وہ پراجیکٹ میں اپنے لوگوں، ایک نیا سلسلہ، ایک بحث کا سلسلہ شروع ہو جائے گا، جس طرح، لیکن اس میں Monitor آپ کریں اس کو Proper Monitoring آپ کریں گے، جہاں پر ہم اور آپ سب پبلک فنڈز کے امین ہیں اور انشاءاللہ تعالیٰ ہم اس شفاف نظام کو یقینی بنانے کے لئے آپ اور ہم سب ملکر کردار ادا کریں گے، انشاءللہ تعالیٰ ہم کوشش کریں گے کہ اس میں کوئی Embezzlement نہ ہو، قبرستان کے

سلسلے میں میں Agree کرتا ہوں، لیکن صرف Urban area کا Problem ہو سکتا ہے، رورل ایریا کے اندر قبرستان کا کوئی Problem نہیں ہے، وہاں پر تو ایک الگ سسٹم وہاں کے لوگوں کا ہوتا ہے اور اس پر ہم غور کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اگر کہیں پر ہو تو میرے خیال میں Relaxation رکھنا چاہیئے۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: Relaxation اس کے لئے رکھ لیں گے، اس میں ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے اور اس حوالے سے، اگر کسی کو کوئی Problem ہو، کسی بھی ممبر صوبائی اسمبلی کو، یہ تو صرف آپ کے لئے گائیڈ لائن ہم نے دی تھی، لیکن اگر اس سے ہٹ کر کوئی اور کوئی پروگرام رکھنا چاہتا ہے، وہ آکر مجھ سے Discuss کرے اور انشاءاللہ تعالیٰ ہم اس کو، اور خواتین کے مسئلے پر بھی، اور انشاءاللہ تعالیٰ ہم اس کو Approval کریں گے، ایسی کوئی بات نہیں ہے، آپ کے مشورے سے یہ فنڈ آپ کا ہے، آپ اس کو جس طرح چاہیں، استعمال کر سکتے ہیں (تالیاں) صرف اور صرف یہ صرف آپ کے لئے گائیڈ لائنز ہیں کہ آپ ایسے منصوبے لیکر آئیں تاکہ لوگوں کو نظر آئے کہ واقعی انہوں نے پچاس لاکھ خرچ کئے ہیں، یہ تو آپ کے لئے ایک رہنمائی ہے اور آپ کی مدد کے لئے ہم نے یہ فراہم کیا ہے، اس پر انشاءاللہ تعالیٰ کوئی قدغن نہیں ہو گی اور اس پر کوئی Ban نہیں ہے انشاءاللہ تعالیٰ ان الفاظ کے ساتھ جناب سپیکر، میں اجازت چاہوں گا، چونکہ میں نے۔۔۔۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: مسٹر سپیکر صاحب! صرف ایک منٹ چاہیئے مجھے، ایک منٹ جناب۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں۔۔۔۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: یہ فنڈز انشاءاللہ تعالیٰ Lapse نہیں ہوں گے۔

جناب سپیکر: یہ Clarification تھی کہ۔۔۔۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: جی۔

جناب سپیکر: بعض ممبران کے یہ خدشات تھے تو منسٹر صاحب کو یہ موقع دیا گیا کہ آپ کے یہ خدشات دور ہو سکیں، اب مزید Debate جاری رہے گی، آپ بالکل بے فکر رہیں، آج پورا دن اس پر Debate جاری رہے گی کل جو اس کی Winding up speech ہو گی، وہ انشاءاللہ تعالیٰ Planning,

Development & Finance Ministerوہ پوری تفصیل سے ایک ایک نکتے کا جواب دیں گے، ہم ان سے کہیں گے کہ وہ کل انشاءاللہ پوری تیاری کے ساتھ آئیں اور ایک ایک نکتے کا جواب دیں، جی Nextرفعت اکبر سواتی صاحبہ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Thank you. Mr. Speaker Sirمیں منسٹر ادریس صاحب کی بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے جس طرح قبرستان کی طرف توجہ کی تو خواتین کی طرف بھی اتنی ہی توجہ آئی (قہقہے) ابھی ویسے ہمارا ارادہ اتنا جلدی مرنے کا نہیں ہے، لیکن بہر صورت میں Women Developmentکی طرف آنا چاہتی ہوں کہ آپ نے جو Criteriaہمیں دیا ہے، Treasury Benchesکی طرف سے جو ملا ہے،اس میں زیادہMale involvementاورDevelopmentکی طرف توجہ دی گئی ہے تو، چونکہ ہم ایکThird junkتو خواتین کی یہاں بیٹھی ہوئی ہیں، تو میں چاہ رہی تھی کہ اگر آپ لوگ ہمیں اس پر کوئی گائیڈ لائن دیدیں اور ہمیں Helpکریں کہ ہم خواتین کے لئے خصوصی طور پر کیا پروگرام کر سکتے ہیں؟ کیونکہ زیادہ تر یہ جو شنگل روڈز اور نالیاں اور سڑکیں، یہ ہمارے Male counterpartsاس پر کام کریں گے ہم بھی اس پر کرنا چاہتے ہیں، یہ نہیں کہ ہم پورے صوبہ سرحد میں Participateکریں گے، لیکن خصوصی طور پر سراج الحق صاحب سے بھی ریکویسٹ ہے کہ وہ اس پروگرام پر نظر ثانی کریں اور براہ مہربانی ہمیں وہ خود گائیڈ لائن دیدیں کہ وہ کیا چاہتے ہیں کہ ہم اس فنڈز سے خواتین کی کس طرح Help کر سکتے ہیں؟ اس ضمن میں ہمارے Mindمیں بہت سارے پراجیکٹس ہیں، اگر وہ ہمیں ٹائم دیں تو ہم انہیں بتا سکتے ہیں کہ یہ یہ ہم چاہتے ہیں تو اس میں ان کی اگر سپورٹ ہو،Thank you sir

جناب سپیکر: محترمہ نسرین خٹک صاحبہ، محترمہ نسرین خٹک صاحبہ۔

محترمہ نسرین خٹک: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سب سے پہلے آنریبل سپیکر سر، ایک Clarificationکرنا چاہوں گی کہ اب جو میں Discussionکروں گی،اس ایجنڈا کے Topicپر،اس میں تنقید برائے تنقید کا عنصر بالکل شامل نہیں ہوگا اور جہاں پر صوبے کے حقوق کی بات ہوگی۔

جناب سپیکر: تنقید برائے تعمیر شامل ہوگی انشاءاللہ۔

محترمہ نسرین خٹک: بالکل جی انشاءاللہ اور جہاں پر صوبے کے حقوق کی بات ہوگی، وہاں پر کسی قسم کی Relaxation ہم نہیں دیکھیں گے، بہر حال ایم ایم اے کو ایک بھاری مینڈیٹ ملا ہے تو میرے خیال میں اتنے بھاری مینڈیٹ کی مبارکباد بھی ہم نے انہیں دی ہے، ان کے راستے میں تو کسی قسم کی رکاوٹ اصولاً حائل ہونی نہیں چاہیئے، لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا چاہتی ہوں کہ میں ان کی نیت پر بالکل شک نہیں کرتی ہوں، مجھے پوری امید ہے کہ انہوں نے خلوص نیت سے اس صوبے کے Economic Development کا ایک بھر پور پروگرام بنایا ہوگا، لیکن Justice delayed is justice denied تو کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کی جو بھی اچھی نیت سے ترتیب دیئے ہوئے پراجیکٹس ہیں، وہ اتنے Slow رفتار سے چلیں کہ یہ Tenure ختم ہو جائے اور دوبارہ مجھے یہ لمحہ فکر دہرانا پڑے Justice delayed is justice denied اب دوسری بات یہ ہے کہ، جس Topic پر میں بات کرنا چاہوں گی، اس کے لئے سب سے پہلی جو۔۔۔۔۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر سر! سر، میں آپکی توجہ دلوانا چاہتی ہوں کہ، جس وقت ہم خواتین بات کر رہے ہوتے ہیں، چونکہ بالکل ہمارے سامنے تو ٹریژری بنچز ہیں، یہ اتنی جرات نہیں کرتے ہیں، لیکن افسوس ہے کہ تھوڑا ہماری سائیڈ سے گفتگو بہت ہو رہی ہوتی ہے، مجھے محسوس ہوا ہے کہ وہ ہماری بات نہیں سننا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میرے خیال میں دل گردے کو بڑا کرنا چاہیئے اور صبر تحمل سے باتیں سننی چاہیں۔

Mrs. Nasreen Khattak: I would like to continue what I have to say, because……

Mr. Speaker: Please, please.

Mrs. Nasreen Khattak: This is about the economic development of my province and this is a very important topic which requires our utmost attention. Thank you very much jee.

جہاں بات آتی ہے اکنامک ڈیویلپمنٹ کی، تو میں نے پہلے بھی اشارۃً کہا تھا اور ابھی ذرا تفصیل سے یہ کہنا چاہوں گی کہ ہمارے صوبے نے مہمان نوازی کا شرف تو ضرور حاصل کیا تھا، جب افغان رفیوجیز کا Influx آیا تھا، وہ اپنی جگہ پر، لیکن اتنی بھاری تعداد میں رفیوجی پاپولیشن آتی ہے تو ہمارے صوبے کے

وسائل کو ضرور زد لگی ہے،اب جناب والا! ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک ایسا اکنامک ڈیویلپمنٹ پلان یا روڈمیپ ترتیب دیا جائے، کہ جس میں ان ساری باتوں کو مدنظر رکھا جائے،اب اس میں اگر دیکھا جائے تو تعمیر سرحد پروگرام کو بھی ایک بھرپور حصہ دیا گیا ہے، ٹھیک ہے Prototype kind selection criteria ہمیں دیا گیا ہے، لیکن وہ Gender sensitive نہیں ہے اور جہاں پر خواتین کو بھی پچاس لاکھ کی سکیموں کی الاٹمنٹ ہے تو ضرورت اس بات کی ہے کہ خواتین کے لئے مخصوص Gender sensitive selection criteria دیا جائے، اب اس کے بعد اگر دیکھا جائے تو جہاں پر اکنامک ڈیویلپمنٹ کی بات آتی ہے تو وہاں پر خواتین کی Involvement جو ہے وہ اتنے بھرپور انداز میں سامنے نہیں آتی ہے، آپ ایک چھوٹی سی مثال لے لیں، Water is the basic right of all human beings، لیکن واٹر سپلائی کی سکیموں میں میرا تقریباً بیس سال کا تجربہ ہے اور اب میں فلور آف دی ہاؤس پر یہ کہنا چاہتی ہوں کہ سکیمیں بھی جب ترتیب دی جائیں اور یہ سب معزز ممبران سے ایک میری گزارش ہے، التجاء ہے کہ جہاں پر کمیونٹی واٹر سپلائی ٹینکس کی یا سروسز کی یا Facilities کی بات ہوتی ہے، وہاں پر خواتین کی رائے ضرور شامل کی جائے، کیونکہ وہ پانی لاتی ہیں اور ان کے لئے ایسی مخصوص Facilities ان جگہوں پر ہونی چاہئیے، جہاں پر ان کا آنا جانا اور آمدورفت بالکل متاثر نہ ہو، کمیونٹی واٹر ٹینکس بھی ہوں تو ایسی جگہ پر ہوں جو بازار بیچ میں نہ ہوں، کسی لڑکوں کے سکول کے ساتھ نہ ہوں یہ لوازمات ہیں، یہ وہ باریک بینیاں ہیں جو کہ ہم پلاننگ میں نظرانداز کرتے ہیں، اب جناب سپیکر! میں بات کرنا چاہونگی، ایک بہت Important چیز کی کہ جب ہم بجٹ بناتے ہیں تو اس میں جی این پی کے حوالے سے ہم لوگ کہتے ہیں کہ Gross National Product کو بڑھانا چاہئیے اس میں جناب سپیکر، ہمیں قربانی دینی ہوگی ہمیں Cuts in expenditures لانے ہونگے، Inflation کو آپ کیسے کم کریں گے، جب قرضے کی فاقہ مستی کا سہارا لیتے ہیں؟ ماضی کی غلطیاں ضرور نہیں ہے کہ ابھی بھی ہم دہرائیں، یہ سب سے ضروری بات ہے اور آخیر میں جناب سپیکر! زراعت جو ہے Agriculture is the back bone of our economy اس میں جتنا میرا تجربہ ہے، میں نے یہ دیکھا ہے کہ ہم زراعت کو صرف Crops کی حد تک رکھتے ہیں اور ہم ہارٹیکلچر کو بری طرح نظرانداز کرتے ہیں، اس میں فروٹس اور ویجیٹبل بھی آتے ہیں، یقین

جانیے جناب سپیکر صاحب ! اگر ہم ہارٹیکلچر پالیسی کو بھی اٹھالیں تو ہم لوگوں کو ایکسپورٹ کے اتنے مواقع ملیں گے کہ آپ سوچ بھی نہیں سکتے، آخیر میں Last but not the least, I would like to sayجہاں پر وومن کی بات آتی ہے، وہاں پر جو بھیIncome generation projectsہوں گے، خدارا ان پر بھرپور توجہ دی جائے، کیونکہ ضرور ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ مڈل مین آدھے راستے میں 80% ان کی محنت مزدوری لیکر کھا پی کر اور بہت کم چیز، اگر پہنچی تو پہنچی، ضرورت اس بات کی ہے کہ خواتین کی محنت مزدوری کی کمائی ان کے Door stepsتک پہنچائی جائے اور، اگر اس میں کوتاہی ہوئی تو آپ سنتے سنتے تھک جائینگے، میں بولتے بولتے نہیں تھکوں گی، Thank you

جناب سپیکر: مولانا عصمت اللہ صاحب۔

مولانا محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔

جناب سپیکر: میں نے سوچا کہ کہیں آپ واک آؤٹ نہ کر جائیں۔

مولانا محمد عصمت اللہ: تو یہاں پر ایک بات تو یہ ہے کہ یہ ایک انتہائی اہم بحث ہے اور وقت بھی کم ہے، یہاں پر ہم کر رہے ہیں، اس پروگرام پر جو تعمیر سرحد کے نام سے شروع ہو رہا ہے اور یہ یقین دہانی بھی وزیر صاحب کی طرف سے اس ہاؤس میں آئی کہ یہ فنڈز Lapseنہیں ہونگے، انہوں نے کچھ سستی اور کاہلی ہمارے اوپر بھی ڈالی ہے اور یہاں یہ بات بھی ہوئی کہ خواتین کو اتنی ہی توجہ دی گئی، جتنی توجہ قبرستان کو، تو میں اپنی بہنوں سے اتنا ہی عرض کرونگا کہ مسلمان قوم کے ہاں قبرستان بہت ہی توجہ طلب چیز ہوتی ہے، اس پر محسوس نہ کریں کہ ہمارا ذکر قبرستان کے ساتھ کیوں کیا گیا؟ اس سے ان کی حوصلہ شکنی نہ ہو، دوسری بات یہ ہے، اور میں یہاں یہ سوچ رہا ہوں کہ یہ خواتین ہماری ممبرز ہیں، ان کے فنڈز کہاں خرچ ہونگے؟ انکا حلقہ انتخاب تو ہم ہیں اور میرے خیال میں یہ ان۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہماری ممبران ہیں اور ہماری بہنیں ہیں۔

مولانا محمد عصمت اللہ: بہنیں ہیں اور میرے خیال میں، کیونکہ یہ دوسرے سب جو جنرل الیکشن میں آئے ہیں، انکا تو ایک مخصوص حلقہ ہے، جیسے حلقہ پی ایف 62, 70, 80یہ اور یہ خواتین و حضرات جو مخصوص نشستوں پر آئے ہیں، انکا پورا صوبہ ایک حلقہ انتخاب ہے۔۔۔۔۔

Mrs. Raffat Akbar Swati: Sir, point of order. I like to tell through you, sir…….

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! میں پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتی ہوں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: کہ جب یہ کہتے ہیں کہ مخصوص نشستں، پر خیال رکھیں۔

(شور)

قاری محمد عبداللہ: مولانا عصمت اللہ! تیینگ شه ورته۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں آپ صبر سے سن لیں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: ایک سیکنڈ کہ ہم، مخصوص نشتیں آپ ضرور کہتے ہیں، لیکن بار بار میں آپکو یاد کراتی رہتی ہوں، جناب والا کہ۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: No cross talking at all،آپ صبر سے سن لیں

محترمہ رفعت اکبر سواتی: آپ کے Through بات کر رہی ہوں، آپکے توسط سے کر رہی ہوں۔

جناب سپیکر: یہ رولز اور قواعد کی خلاف ورزی ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: آپ کے توسط سے بات کر رہی ہوں، کہ We have been elected through the electoral colleague، اگر ایک ممبر ایک لاکھ ووٹ لیتا ہے تو ہم ساڑھے چار لاکھ ووٹ لیکر آئی ہوئی ہیں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

Mrs. Raffat Akbar Swati: And we have more right, we can spend the money as we like according to the schemes and projects.

اس میں کوئی عجیب بات نہیں ہے سر، ہم نے پروگرام ضرور مانگے ہیں، لیکن قبرستان ہی Totally نہیں مانگا ہے۔

جناب سپیکر: جی، مولانا عصمت اللہ صاحب۔

مولانا محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! مجھے اپنی بہنوں کے خلوص اور جذبے پر کوئی شک نہیں ہے اور نہ انشاءاللہ دوسرے ممبران حضرات کے متعلق میرے دل میں انکے احترام میں کوئی کمی ہے یاان کی قدر میں کمی ہے یہ میں سوچ بھی نہیں سکتا، لیکن جس طرح ہم یہ حکومت پر پرزے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اگر آپ اے ڈی پی پر Annual Development Progamme پر تعمیر سرحد پروگرام، پراونشل فنانس کمیشن پر آجائیں تو۔۔۔۔۔

مولانا محمد عصمت اللہ: اسی پر آرہا ہوں، یہاں پر بات یہ ہے کہ جب ہم بات کرتے ہیں تو ہم صرف مرد حضرات کی نمائندگی نہیں کرتے ہم مرد وزن سب کی نمائندگی کرتے ہیں، سب کے ووٹ لیکر آتے ہیں اور میری بہنیں، یہ اٹھتی ہیں تو صرف مرد اور عورتوں کی تفریق کی بات کرتی ہیں (تالیاں) جس سے ہمارے حوصلے پست ہوتے ہیں، حالانکہ ان کے ووٹر ہم ہیں، انکا حلقہ انتخاب ہم ہیں اور یہ حوصلہ افزائی صرف ایک طبقہ کی کرتی ہیں، اسکو ہم عدل وانصاف کے تقاضے کے مطابق پلڑے میں نہیں ڈال سکتے، اگر عورتوں کے حقوق ہیں تو ہمارے بھی حقوق ہیں (قہقہے) مردوں کے بھی حقوق ہیں، تو لہذا خدا کے لئے ایسا نہ کریں یہاں پر مرد اور عورتوں کے درمیان کوئی جنگ نہیں ہے، سب کے یکساں حقوق ہیں، ایک صوبے کے رہنے والے ہیں، یہ اگر مغرب والوں کی طرز ہے یاافکار ہیں کہ مردوں اور عورتوں کو لڑایا جائے تو یہ بات یہاں پر نہیں، ایک بات، دوسری بات یہ ہے کہ میں اپنی بہنوں کے دل میں لاناچاہتاہوں، یہ ان کے ذہن میں بٹھاناچاہتاہوں، اگر آپ اپنے فنڈز مخصوص عورتوں پر خرچ کریں تو میرے خیال میں ڈسٹرکٹ کوہستان کی عورتوں سے زیادہ بے بس بے سہارا ان کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے۔۔۔۔۔

(مداخلت)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! جناب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! میں آپکے توسط سے صرف عورتوں کے بارے میں جواب دینا چاہتی ہوں کہ جوانہوں نے کہاہے کہ مخصوص حلقوں کے لئے یہ فنڈز خرچ کرنے چاہئیں، یہ غلط بات ہے، کیونکہ میں نے اپنے فنڈز جو ہیں، وہ کالا ڈھاکہ سے ہمارے ممبر ہیں زرگل، انکو دیئے ہیں اور اگر آپ لوگوں

کو چاہیئے تو وہ بھی میں آپ لوگوں کو دینے کے لئے تیار ہوں، جہاں پر کام ہو، ہم لوگ مردوں کے ساتھ چلنا چاہتے ہیں۔

مولانا محمد عصمت اللہ: میں شکریہ ادا کرتا ہوں اور دوسری بہنوں کو میں بتانا چاہتا ہوں کہ انکی تقلید کر کے انہی غریب حلقوں میں خرچ کریں، جہاں پر علاج معالجے کے لئے فنڈز چاہیئں، اور انہی غریب علاقوں کے لئے خصوصی اجازت بھی دی جائے کہ مخصوص دور دراز علاقوں میں زچہ بچہ کیسز میں ہسپتال تک لانے کے لئے خصوصی انتظامات کئے جائیں۔

جناب سپیکر: کوہستان، بونیر۔

مولانا محمد عصمت اللہ: خصوصی طور پر ایمبولینس دی جائیں اور خریدی جائیں، جس میں بونیر شامل ہے، چترال ہے، کوہستان ہے، ان تمام علاقوں میں تو ہم یہ کہیں گے کہ ہماری بہنوں نے وہاں کے دور دراز علاقوں میں پہاڑوں میں پھنسی ہوئی عورتوں کے لئے ایک تحفہ بھیجا ہے تو، اب جس طرح حکومتی پارٹی امتحان سے گزر رہی ہے، اسی طرح اس فنڈز کے سلسلے میں ہماری بہنوں کے لئے بھی ایک امتحان ہے کہ وہ ان مخصوص طبقوں کو کتنی توجہ دے سکتی ہے؟

Mr. Speaker: Thank you. Israrullah Khan Gandapur, The last Speaker, and then we will precede far tea break.

جناب اسرار اللہ خان: شکریہ، جناب سپیکر! میں آپکا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقعہ دیا، سب سے پہلے میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب کی بھی تعریف کرنا چاہونگا کہ انہوں نے اس پروگرام کو شروع کیا، کیونکہ پہلے یہی خدشات تھے کہ ایسی کوئی سکیم شروع نہیں ہوگی اور ابھی جو اختیارات ہیں فنانشل حوالے سے، وہ سب ڈسٹرکٹ لیول پر چلے گئے ہیں، میرے خیال میں احسن اقدام ہے، لیکن ایسے مزید اقدامات کی ضرورت ہے، کیونکہ پچاس لاکھ ایک صوبائی ممبر کے لئے بہت تھوڑا فنڈ ہے اور یہ ایک کروڑ تک ہونا چاہیئے پچاس لاکھ تو 1995 میں یہ Last time بھی تھا، جب میرے والد صاحب یہاں پر ہوتے تھے اور اسکے بعد اتنی Inflation ہوئی ہے، اتنے اخراجات بڑھے ہیں تو یہ میری اس سلسلے میں تجویز ہے۔

جناب سپیکر: تو آپ کے تو ایک کروڑ ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! حلقے بھی دو ہیں، حلقے بھی دو ہیں، اس وجہ سے ضرورت زیادہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک اچھا قدم وزیر اعلیٰ صاحب نے اٹھایا ہے، جسکی میں تعریف کرنا چاہونگا، اس کے ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہونگا کہ جو خدشات ہیں اپوزیشن کی طرف سے، تنقید برائے تنقید میں نہیں کروں گا، میں یہ کہنا چاہونگا کہ یقیناً ہم سے ہمارے ڈی سی او نے پوچھا تھا، انہوں نے کہا تھا کہ جو آپکے علاقے کی اے ڈی پی میں سکیمیں ہیں، وہ آپ ہمیں دیں اور ہم نے دی تھیں، لیکن ضرورت اس امر کی ہے جیسا کہ ہمارے خدشات ہیں کہ ابھی جو اے ڈی پی بن رہی ہے، وہ صرف CM, Directives پر ہے، اگر اس چیز کو ہٹایا جائے، اس میں ہماری Categorizations تھیں، وہ Ongoing schemes کے حوالے سے بھی تھیں اور New Schemes کے حوالے سے بھی تھیں تو جو ہم نے انکو Pin point کر کے دیئے ہیں کہ یہ ہماری ضروریات ہیں تو میں سمجھتا ہوں اگر اسکے مطابق وہ چلیں تو یقیناً ڈی آئی خان کے حوالے سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ڈی سی او نے سب کو یہ کاپیاں بجھوائی تھیں کہ جو جو آپکی ترقیاتی سکیمیں ہیں، وہ ہمیں بھیجیں، اسکے ساتھ جناب سپیکر! میں یہ بھی کہنا چاہونگا کہ جو تعمیر سرحد کے حوالے سے ہمیں پروفارما ملا ہے، اسمیں چند ایسے نکات ہیں جو کہ میری سمجھ سے بالاتر ہیں اور اسمیں کچھ میں Addition بھی کرنا چاہونگا جو کہ میری اپنی تجاویز ہیں، ایک تو یہ ہے کہ اسمیں Discretionary grants ہونی چاہیئے ہر ایک ایم پی اے کے لئے، وہ اس وجہ سے کہ یہ جو ایم پی ایز ہوتے ہیں، انکو مختلف Ceremonies میں Invite کیا جاتا ہے، جہاں پر یقیناً لوگوں کی یہی خواہشات ہوتی ہیں جو کہ انکو کوئی والی بال کا میچ ہو، فٹبال کا ہو یا دوسری کوئی ایسی Ceremony، وہ جیب سے نہیں دے سکتے، ڈسٹرکٹ لیول پر بھی ایسا ہوتا ہے، ڈسٹرکٹ ناظم ہوتا ہے، وہ ڈی سی او سے کہہ کر وہ فنڈز انکو Release کرتے ہیں تو میری یہ تجویز ہے کہ پچاس ہزار سے ایک لاکھ کے قریب Discretionary grant ہونی چاہیئے جو کہ ڈی سی او کے پاس پڑی ہو اور وہ ممبر کو Criteria یقیناً دیا جائے کہ کون کونسی ایسی جگہیں ہیں، جہاں پر آپ Public ceremony میں یہ دے سکتے ہیں، اس کے ساتھ جناب سپیکر، میں یہ کہنا چاہونگا کہ یہ جو پروفارما ہمیں ملا ہے، یہ یا تو پنجاب سے لایا گیا ہے، تعمیر سرحد صرف اس کا نام رکھا گیا ہے، وہ اس وجہ سے کہ یہاں بار بار محکمہ مقامی حکومت کا ذکر کیا گیا ہے، لیکن صوبہ سرحد میں آپکو علم ہے کہ محکمہ مقامی حکومت

بالکل ختم ہے، صرف یہاں پر صوبائی لیول پر وہ لوکل گورنمنٹ کا محکمہ چل رہا ہے، ڈسٹرکٹ لیول پر وہ چیز ختم ہو چکی ہے، وہ جوان کے ADs تھے، وہ بھی سرپلس پول میں ہیں یا کہیں دوسری جگہوں پر ایڈجسٹ کئے گئے ہیں تو ایک تو میں اس چیز کی نشاندہی کرنا چاہونگا کہ یہ پروفارما یہ کہاں سے اٹھا کر لائے ہیں؟ یہ تعمیر سرحد ہے یا تعمیر پنجاب کو ہٹا کر اسمیں تعمیر سرحد کا نام دیا گیا ہے؟ اسکے ساتھ جیسے Lapse کی بات ہوئی، میں شکر گزار ہوں کہ منسٹر صاحب نے کہا کہ وہ یہ فنڈز Lapse نہیں کرینگے، O&M کی مد میں انہوں نے کہا ہے کہ تین سے پانچ فی صد اس پر فنانس والے کٹ لگائیں گے، میری آپکی وساطت سے ٹریژری بنچز سے یہ درخواست ہے کہ KPPB سے پہلے ایک سکیم چلی تھی، اگر اسمیں بھی انہوں نے وہ یہ O&M رکھا تھا تو یقیناً یہ ممبران اسمبلی کے لئے بھی رکھیں، اگر اس وقت یہ وہ O&M نہیں تھا اور اب ممبران اسمبلی کے فنڈز جو کہ پچاس لاکھ، ایک چھوٹا سا Amount ہے اب وہ O&M انہوں نے اسمیں ڈال دیا ہے، اس سے میرے خیال میں تین، چار سے پانچ لاکھ کی کمی آجائیگی اور وہ فنڈز جو پچاس لاکھ کے ہیں، وہ پینتالیس تک آجائینگے، تو اگر یہ چیز پہلے نہیں تھی تو یہ O&M اب انہوں نے کیوں اسمیں ڈالا ہے؟ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہونگا کہ پروفارما کے آخر میں دیا گیا ہے کہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب ہر سکیم کی منظوری دیں گے، جناب سپیکر! یہ ترقیاتی سکیمیں پہلے بھی ہوا کرتی تھیں اور ممبران اسمبلی کو دی جاتی تھیں، اس وقت یہ ہوتا تھا کہ جہاں پر Criteria relax کرنا ہوتا تھا، مطلب ہے، اگر انہوں نے کوئی Criteria relax کرنا ہے تو اس وقت وزیر اعلیٰ کی اجازت ہوتی تھی، یہ تو نہیں ہوتا تھا کہ ساری سکیموں کی منظوری وزیر اعلیٰ دیں اور، اگر With good intention وہ کوئی قدم اٹھا رہے ہیں اور اپوزیشن اور ٹریژری بنچز کو ساتھ لیکر چلنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ہونا یہ چاہیئے جہاں پر Criteria relax کرنا ہو، یہ نہ ہو کہ ہر ایک سکیم کی منظوری کے لئے ہمیں وزیر اعلیٰ صاحب سے منظوری لینا پڑے، With good ways انہوں نے قدم اٹھایا ہے، اچھی Intention کے ساتھ، میری ان سے درخواست ہے کہ اس چیز کو وہ اس سے نکال لیں، اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، جیسے مشتاق غنی صاحب نے کہا، اربن اور رورل کی اپنی اپنی Requirements ہوتی ہیں، میں یہ کہنا چاہونگا کہ ہمارے علاقے میں کچی روڈ کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے، خاص کر دامان کے علاقے سے جو ممبران اسمبلی یہاں پر بیٹھے ہیں، اب یہ کہتے ہیں اس پر بلیک ٹاپ

روڈ بنائیں، آپکو بھی علم ہوگا کہ جو ریٹس ہیں، فارم ٹو مارکیٹ روڈ بھی آٹھ سے دس لاکھ کے قریب بنتی ہے اور اسمیں، اگر ہم ڈالیں تو زیادہ سے زیادہ پانچ کلو میٹر ہی بن سکتی ہے، اس میں اگر کچی روڈز ہوں تو اس سے زیادہ یہ فائدہ مند ہونگے اور ہمارے جو ووٹران ہیں، ان کی زیادہ بہتر انداز میں خدمت کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: DDC کے حوالے جیسے میاں صاحب نے کہا، میری بھی آپ سے گزارش ہے، DDC کا انہوں نے محکمہ رکھا ہے، لیکن جو باڈی انہوں نے بنائی ہے، اسمیں ایم پی ایز کا ذکر بھی نہیں ہے، نہ وہ ایڈوائزری حیثیت میں ہیں، نہ ان کی Supervision کی اتھارٹی ہے Over all monitoring کی بات وہ کرتے ہیں، میں تو یہ سمجھونگا کہ یہ تو کوئلے کی دلالی والی بات ہوگی کہ مانیٹرنگ ممبران اسمبلی کریں اور اس کے باوجود نہ ان کا بولنے میں اختیار ہو، نہ ان کو Consultation کے فیز میں رکھا جائے اور نہ وہ Financially ان کو چیک کر سکیں، بس مانیٹرنگ کریں وہ سکیم کے موقع پر جائیں اور میرے خیال میں یہ ممبران اسمبلی کے ساتھ زیادتی ہے، جناب سپیکر! جیسے ہماری محترمہ رفعت اکبر سواتی نے کہا، میری بھی یہی خواہش اور گزارش ہے کہ یہ جو فنڈز ہیں، یہ پورے صوبے کی عورتوں کے لئے ہیں اور یقیناً جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا، ہمارے حلقوں کی نشاندہی ہو چکی ہے، ننانوے حلقے ہیں پورے صوبہ سرحد میں اور اس میں یہ شینگل روڈز اور جو بھی Criteria انہوں نے دیا ہے، چونکہ یہ ان کی سیٹوں کا مقصد یہ تھا کہ یہ عورتوں کے حقوق کا دفاع کر سکیں تو میرے خیال میں ان کے لئے یقیناً کوئی ایسا Criteria ہونا چاہئیے، جسمیں ریجن وائز، میں یہ کہونگا کہ یہاں پر جو آپکی لیڈیز بیٹھی ہوئی ہیں اور جو پروٹوکول ونگ سے ایڈریسیز مجھے ملے ہیں، اس میں اگر آپ دیکھیں تیرہ خواتین پشاور کی ہیں، تو یہ تعمیر سرحد نہیں ہوگا، تعمیر پشاور بن جائے گا، میں یہ کہتا ہوں اگر صوبہ سرحد کو آپ لیں، اسمیں جنوبی اضلاع کا ریجن ہے، اسمیں ہزارہ کا ریجن ہے، اسمیں سوات کا ریجن ہے، اسمیں پشاور کا ریجن ہے، تو ان کو Restrict کر کے ایسے ان کو پابند کیا جائے کہ بجائے اس کے کہ وہ یہ فنڈز گلیوں نالیوں پر ضائع کریں، بہتر یہ ہوگا کہ یہ کام وہ ان حلقوں کے ممبران کے لئے چھوڑ دیں اور یہ جو لیڈیز بیٹھی ہیں، یہ اپنے فنڈز ریجنل وائز وہ جو مرکزی مقامات ہوں عورتوں کی ویلفئیر کے لئے کڑھائی سنٹر، سلائی، کڑھائی کی مشینیں، کوئی ایسے پروگرام شروع کریں، جس سے یہ ان کی بہتر خدمت کر سکیں، میں یہ کہنا چاہونگا کہ یہ تنقید برائے تنقید یا کوئی گائیڈ لائن میں نہیں دینا چاہتا، جو میری

تجاویز ہیں As a Member وہ میں پیش کرنا چاہتا ہوں Suppose، اگر ہر ممبر کا جیسے انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی سکیمیں کالا ڈھاکہ میں لگائی ہیں، ہم جو پارٹیوں کے ہیں، ہماری یا دو ممبران ہیں یا چار ممبران ہیں، لیکن یہ جو آزاد بیٹھے ہوئے ہیں یا وہ جو پارلیمانی لیڈرز بیٹھے ہیں، جن کے کوٹے میں ایک ایک خاتون کا ووٹ نہیں پڑتا، تو یہ کہاں پر جائیں گے ؟ نہ تو کوئی ان کو فنڈ دیگا اور جو ان کی فنڈز ہیں، وہ غلط استعمال ہو جائینگے، میری یہ گزارش ہے کہ یہ زیادہ تر عورتوں کی ویلفیئر پر لگائیں، اس کے ساتھ جناب سپیکر! میں آپ سے یہ کہنا چاہونگا، پراونشل فنانس کمیشن بھی اسمیں ہے اور اگر آپ مجھے بولنے کا موقع دیں، تو میں یقیناً اس پر بھی بات کرنا چاہونگا۔

جناب سپیکر: جی، جی بولیں۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! پراونشل فنانس کمیشن کے حوالے سے میں یہ کہنا چاہونگا کہ اس کو شروع دن سے، جیسے آرڈیننس میں آیا ہے، یہ غلط طریقے سے اس کو اسمیں ڈالا گیا ہے، پراونشل فنانس کمیشن آرڈیننس کے تحت جو بھی شقیں ہیں، ان سب میں چیف ایگزیکٹیو کا ذکر ہے، The chief executive of the province واحد پراونشل فنانس کمیشن کی سیکشن ہے، جہاں پر گورنر کو ڈالا گیا ہے، جناب سپیکر! جب ساری چیزیں چیف ایگزیکٹیو آف دی پراونس کے پاس ہیں اور ہر جگہ کہیں اس کا ذکر ہے تو یہاں پر بھی گورنر کے لفظ کو Replace کر کے اس میں چیف ایگزیکٹیو کا لفظ ڈالا جائے، کیونکہ وہ عوامی نمائندہ ہیں اور بہتر طریقے سے اس کو Constitute کر سکتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہونگا کہ اسمیں دو ایم پی اے ہونے چاہیں، اسمیں ناظمین کو رکھا گیا ہے، آپ اگر اس کو دیکھیں 120 کے تحت آرڈیننس کے اس کو بنایا گیا ہے، اسمیں ناظمین ہیں، اسمیں سوسائٹی کے مختلف ٹیکنوکریٹ وغیرہ ہیں، لیکن اس میں ایم پی ایز نہیں ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسمیں ایم پی اے ہونے چاہیں، اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہونگا کہ یہ صوبائی حقوق پر ایک قدغن لگایا گیا ہے، ایل ایف او کے تحت اس کو Protection حاصل ہے اور جب، جیسے جمالی صاحب نے بھی کہا کہ یہ جو بلدیاتی نظام ہے، اسمیں ہم Changes کریں گے تو میری یہ گزارش ہے کہ انہوں نے اسمیں پابند کیا ہے صوبہ کو، آپ 35 پرسنٹ ڈسٹرکٹ کو دیں گے، جناب سپیکر! آئین کے تحت صوبائی اسمبلی اس چیز کی مالک ہے، مختیار کار ہے

کہ وہ جس طرح اپنا بجٹ پیش کرنا چاہیئے، یہ واحد بجٹ ہوگا جو ہماری اسمبلی پاس کریگی، جس میں ہمیں پابند بنایا جائے گا کہ 35 فیصد جو ہے، وہ ہم اپنا ڈسٹرکٹ کو دیں گے اور جناب سپیکر، مزے کی بات یہ ہے کہ آرڈنینس میں 35 فیصد کا کہتے ہیں، لیکن جو پراونشل فنانس کمیشن ہے انہوں نے اسکو 60 پرسنٹ تک پہنچایا ہے، 60 پرسنٹ، 60 پرسنٹ ڈسٹرکٹ کو جائے گا، جس کے بعد جو 40 پرسنٹ ہوگا، Throughout the province اس میں وزیر اعلیٰ کی بھی Discretion ہوگی، گورنر کی بھی Discretion ہوگی، اسمیں ADP بھی بنے گی، جناب سپیکر! میں یہ کہتا ہوں کہ اسکو ہم آہنگ کیا جائے، وہ فی الحال جو پراونشل فنانس کمیشن ہے، جب تک ایل ایف او کے تحت یہ Protected ہے اور جب تک اسمیں Changes کے اختیارات نہیں مل جاتے، میں یہ کہتا ہوں کہ اسمیں 35 فیصد تک اسکو پابند کیا جائے، 60 فیصد پرسنٹ جو کہ موجودہ حساب سے چل رہا ہے اس کو ہٹایا جائے، مزید میں یہ کہنا چاہونگا کہ اسمیں یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ یہ (c)2 D 120 اس کی سیکشن ہے، اسمیں یہ ذکر کیا گیا ہے، جناب سپیکر کہ یہ جو پراونشل فنانس کمیشن کی سفارشات ہونگی، یہ پہلے کیبنٹ کے پاس جائینگی، اگر کیبنٹ کے کوئی اعتراضات ہونگے تو اس کے بعد یہ گورنر اس کو Approve کریں گے، میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ کیبنٹ ہے، سامنے بیٹھے ہیں، ٹریژری بنچز ہیں، آیا ان کے پاس یہ فنانس کمیشن کا ایوارڈ پہنچا تھا اور انہوں نے اس کو منظور کیا ہے؟ اگر انہوں نے منظور کیا ہے تو کیا اس وقت انہوں نے نہیں دیکھا تھا کہ جو آرڈنینس ہے، وہ ایک بات کہہ رہا ہے، جبکہ جو وہ فارمولا ہے، اسمیں کوئی اور چیز ہے، جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ کیبنٹ اسکا دوبارہ جائزہ لے، اس کے ساتھ ساتھ جو اس کے رولز آف بزنس ہیں (c) 2 D 120 کے نیچے اسکو بھی Change کیا جائے اور اس کو ہم آہنگ کیا جائے جو ہمارے آج کی ضروریات ہیں، بطور ممبر صوبائی اسمبلی یہ بھی کہنا چاہونگا کہ جناب سپیکر! وہ جو مثال میں دونگا آپکو اپنے ڈسٹرکٹ کے حوالے سے، ہمارے ضلع میں جو فنڈز ہیں، اس میں انہوں نے جو ڈالے ہیں 60 پرسنٹ کے حساب سے، اس کی جو تقسیم کی ہے Transfer to district اسمیں مزے کی بات یہ ہے کہ 704 ملین ان کی Salary ہے، 77 ملین Non salary amount ہے، 36 ملین Octroi کی مد میں انہوں نے دیئے ہیں اور 66 ملین ڈیویلپمنٹ فنڈ میں ہیں، جناب سپیکر! ہمارے ضلع کی پانچ نشستیں ہیں، پانچ نشستوں کے حوالے سے اگر آپ دیکھیں تو وزیر اعلیٰ صاحب نے ہمارے لئے

اعلانات کئے ہیں پانچ ملین کے، جبکہ ڈسٹرکٹ کے پاس 66 ملین Amount جارہا ہے، 66 ملین، اچھا 66 ملین کو اگر تقسیم کریں پانچ ممبران کی حیثیت سے تو 13 ملین ہر حلقے کے طرف جانا چاہئیے تھے، لیکن چونکہ اس کی باگیں ڈسٹرکٹ کے پاس ہیں، جناب سپیکر! میں ایک ڈسٹرکٹ کی مثال اس لئے دے رہا ہوں کہ یہ میرا ضلع ہے اور دوسرے حلقوں میں بھی ایسا ہی ہوگا، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تیرہ ملین جو ہیں وہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ خرچ کر رہی ہے 66 ملین مل ملا کے اور تیرہ ملین ہر حلقے کے حساب سے، جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ اتنے Power full ہونگے تو صوبائی ممبران کس طرف جائینگے؟ میں یہ کہونگا کہ سب کیا دھرا اس پراونشل کمیشن کا ہے، پہلے ہی فرصت میں ہماری حکومت اس طرف توجہ دے، ممبران اسمبلی کو Power full بنایا جائے، ڈسٹرکٹ جو ہے، اگر آپ لوکل گورنمنٹ میں فنکشن دیکھیں تو یہ ایک سپر وائزری رول کی حیثیت ہے، ڈیویلپمنٹ سائٹ جو ہیں وہ ٹی ایم ایس کے ساتھ ہیں، میں خود تحصیل ناظم کی حیثیت سے رہا ہوں اور اس وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ کا جو رول ہے، وہ سپر وائزری ہے، اسکا مانیٹرنگ کا رول ہے، اس میں یہ رول نہیں ہے کہ وہ ڈیویلپمنٹ پر پیسے خرچ کرے یہ یا تو ممبران اسمبلی کے پاس ہونا چاہئیے، کیونکہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ جو ہے، وہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ہے، اس کے اپنے لوکل ریونیوز ہوں جو وہ خود جنریٹ کرے، نہ کہ وہ ہر وقت صوبے کی طرف دیکھیں اور صوبے سے فنڈز ڈسٹرکٹ کو جائیں، جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ فنانس کمیشن کو Reconstitute کر کے ممبران اسمبلی کو Power full بنایا جائے (تالیاں) اور اس میں جو یہ Salary کا Component ہے، چونکہ Supervision بھی ڈسٹرکٹ کا Function ہے تو Salary کا Component بھی ڈسٹرکٹ کے پاس ہونا چاہئیے، نہ کہ یہ کہ Salary جو ہے وہ صوبے نے اپنے پاس رکھی ہے، Non Salary، جس میں ان کے TOL ہوگی یا ان کو جیسے مختلف سکیموں کی Running expenditure ہوتے ہیں، وہ انہوں نے ڈسٹرکٹ کے پاس ڈال دیئے، اس سے یہ ہے کہ 704 ملین کا جو Amount ہے، وہ انہوں نے اس سے کاٹ دیا، وہ صوبہ پر کرے گا اور اسکے بعد جو ڈیویلپمنٹ سائیڈ ہے، Non Salary ہے Octroi ہے، مطلب جو بھی ڈیویلپمنٹ پر خرچ ہو سکتا ہے، وہ ساری چیزیں انہوں نے ڈسٹرکٹ کو دے دیں تو میرے خیال میں جناب سپیکر! یہ فیڈریشن کے بھی

خلاف ہوگا کہ جہاں پر ضلع اتنے Power full ہوجائیں کہ اوپر مرکز ہو اور نیچے ضلعی آجائے، صوبے کا اس میں کیا رول ہوگا؟

جناب سپیکر: بڑی مہربانی، آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔

Mr. Speaker: Thank you very much. Israrullah Khan Gandapur Sahib, You are the speaker of the day. Most relevant speech with arguable,

(Applause)

Mr. Speaker: Now the House is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: جناب قلندر خان لودھی صاحب، آئیں گے، آئیں گے آپ کی آواز کی گرج جب یہ لوگ سنیں گے تو انشاءاللہ آنریبل ممبرز دوڑ کر ہاؤس میں داخل ہوں گے۔

جناب قلندر خان لودھی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔! شکریہ جناب سپیکر صاحب!

جناب بشیر احمد بلور: پوائنٹ آف آرڈر پلیز، آپ کچھ کہیں گے؟

جناب قلندر خان لودھی: آپ بات کریں، ہم بعد میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب، پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: آو پوائنټ آف آرډر دے جی، زما دا Request دے جی چې تاسو، د ماشومانو دا امتحانو نه شوی دی او دے کښې پریکټیکل خلق اخلی، ایف ایس سی د پاره یا بی ایس سی د پاره یا میټرک سائنس د پاره، نو دا ماته اوس بهر ملاؤ شو چې دا Unqualified خلق، یا داسې خلق چې هغه په دے پوهیږی نه، هغوې د Examiner په حیثیت Nominate شوې دی، مردان کښې خاص کر او غزه باچا Practical Examiner 2003 ایف اے کی ڈگری ساتھ منسلک ہے، هغوی وائی چې دوئ خپله Written کښې 75 نه40 او 50 نمبر اخلی او بیا چې کوم وخت کښې Practical کیږی نو هغوې ته 2 او 3 او 5 نمبرے ملاویږی، نو دا Practical کښې کوم وخت چې دا Examiner صاحبان کښینی هغه خپل Liking او Disliking کوی، پکار دا ده چې په دے باندې لږه

انکوائری اوشی او منسٹر فار ایجوکیشن نشته چې ورته اوښایم چې دا ورسره ورته ورکړو چې مهربانی، لا منسټر صاحب ناست دے، زهٔ به دوئ ته دا حواله کړم چې هغوې منسټر صاحب ته اووائ چې خدائے د پاره د دې انکوائری اوشی چې یو هلک دے، یو ماشوم دے، هغه 50% او 40% نمبرے Written کښې اخلی او هغه بیا دومره نالائقه وی چې هغه کوم وخت کښې پریکټیکل ته ځی نو هغه 2 یا 3 نمبرے اخلی، نو پریکټیکل کښې ډیر زیات زیاتے کیږی، ډیر ظلم کیږی، پکار دا ده چې حکومت د په دے باندې زیات سخت ایکشن واخلی او چې کوم خلق دا زیاتے کوی چې هغوې ته سزا ملاو شی۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for law and parliamentary affairs.

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): واقعی دا معامله خو چهان بین غوښتل غواړی، دا د ماته راکړی، مونږ به ئے ایجوکیشن منسټر په ذریعه باندې د دې تحقیقات اوکړو که واقعی دے کښې دغه وی، نو دا خو د ماشوم مستقبل سره لوبے کول دی، زهٔ خو یقینی غواړمه چې د دې د تحقیقات اوشی۔

جناب سپیکر: جی، قلندر خان لودھی صاحب۔

جناب قلندر خان لودھی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، مجھ سے پہلے میرے دوستوں نے بڑی ڈیٹیل میں باتیں کی ہیں۔

جناب سپیکر: ان شاءاللہ آپ اختصار کے ساتھ اور۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان شاءاللہ آپ اختصار کے ساتھ اور۔۔۔۔۔

جناب قلندر خان لودھی: نہیں میں ان باتوں کو نہیں دہراوں گا، لیکن سر! میں ایک بات آپکے علم میں لاتا ہوں کہ جو چیز جس پر پیسہ بھی خرچ نہ ہو اور مفت میں، اگر کسی کی عزت ہو سکتی ہے تو اس کو نہ چھیڑا جایا کرے، آپ نے یہ جو مختصر ہدایات سرحد پروگرام میں دی ہیں کہ اس میں غیر ضروری شعبہ جات کی، شق نمبر 11 پڑھیں، وہاں پر لکھا ہے کہ تقریبات کا انعقاد اور سرکاری میٹنگز میں کھانے کی فراہمی پر یہ خرچ نہیں کرنا، یہ ایک بات اور اس سے پہلے آپ نے اپنی کیبنٹ میں ایک فیصلہ کیا ہے، جو مراسلے ہمیں پہنچے ہیں کہ کوئی پٹواری آپ کی دعوتیں نہیں کریگا اور سرکاری خرچے پر آپ میٹنگیں نہیں کریں گے، کون اسمبلی کا

آنریبل ممبر ایسی بات کر رہا ہے؟ ایک بات کو خواہ مخواہ میں چھیڑنا اور خواہ مخواہ میں اس کو لینا میرے خیال میں یہ ٹریژری بینچز کے لئے بھی اچھا نہیں ہے، گورنمنٹ کی لئے بھی اچھا نہیں ہے، اور ہماری دل آزاری کر رہے ہیں، یہ نہیں ہونا چاہئیے، اس کے بعد سر یہ انہوں نے، گنڈاپور صاحب نے ایک پوائنٹ لیا ہے، شنگل، شنگل روڈ منع نہیں ہے، شنگل روڈ سے مطلب ہے Construction of shingle road جو کہ ڈوزر سے بن سکتی ہے، آپ آدمیوں سے بنا سکتے ہیں، لیکن اس کے اوپر Spreading of shingle منع ہے، اس کے اوپر جو شنگل ڈالنا ہے، جس کو ہم اپنی زبان میں بجری کہتے ہیں یا روڑہ جو بھی ہے وہ منع ہے، وہ اس لئے منع ہے کہ جب بارشیں ہو جاتی ہیں تو وہ Wash out ہو جاتا ہے، Wash out ہو جانے سے اس میں خواہ مخواہ ایک بدنامی ہوتی ہے، Compaction اس کی ٹھیک ہوتی نہیں ہے، چونکہ وہ تارکول والی روڈ تو نہیں بن سکتی Metal روڈ نہیں ہوتی تو وہ شنگل کا یہ مطلب ہے، Construction of shingle road منع نہیں ہے جی کچھ روڈ منع نہیں ہے، یہ میں نے تاکیداً کہا ہے اور یہ لفظ لکھا بھی ایسا ہوا ہے، شنگل کا مطلب ہے کہ اس کے اوپر Spreading of shingle منع ہے، وہ نہیں ہے، باقی اس میں ہے۔

<u>وزیر قانون</u>: سپیکر صاحب! ہمارے معزز رکن نے بڑی اچھی بات کی کہ شنگل روڈ، مطلب ہے کہ بھرائی اور اس پر صرف شنگل Spread کرنا ممنوع ہے، لیکن ان کے Knowledge میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ ہماری جو Filling ہوتی ہے، ہمارا تو سارا تھل ایریا ہے، اس میں اگر آپ Sand کا Filling کر لیں گے تو اس میں تو پھر جانا بھی مشکل ہو جائیگا، لاری اور موٹر اور ڈاٹسن وغیرہ، 4x4 بھی نہیں جا سکے گا، اگر اس پر شنگل نہ ڈالا جائے۔

